www.iqbalkalmati.blogspot.com

# سورۂ مزّمل
## مشکلات کا حل




Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب : ———— سورۂ مزمل سے مشکلات کا حل

مطبع : ———— آر۔آر پرنٹرز، لاہور

ناشر : ———— مشتاق احمد

کتابت : ———— محمد نعیم کیلانی

قیمت : ———— 70 روپے

## استدعا

پروردگار عالم کے فضل، کرم اور مہربانی سے، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم آپ کے بے حد مشکور ہوں گے۔ (ناشر)

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | ابتدائیہ | ۱۷ |
| ۲ | سورۃ مزمل کی فضیلت | ۱۹ |
| ۳ | سورۃ مزمل | |
| ۴ | سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل | ۲۷ |
| ۵ | اولاد کی زندگی کے لیے | ۲۹ |
| ۶ | بانجھ پن | ۲۹ |
| ۷ | غائب کا حال دریافت کرنا | ۳۰ |
| ۸ | دشمن کی تباہی | ۳۰ |
| ۹ | تسخیر جنّات | ۳۱ |
| ۱۰ | عمل برائے کامیابی | // |
| ۱۱ | حاکمِ وقت کو مطیع کرنا | ۳۲ |
| ۱۲ | جنگ میں حفاظت | // |
| ۱۳ | شادی کے لیے | ۳۳ |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۴ | دشمن کی سرکوبی | ۳۳ |
| ۱۵ | ملازمت کے لیے | // |
| ۱۶ | آسیب بھگانا | ۳۴ |
| ۱۷ | یادداشت کے لیے | // |
| ۱۸ | سوزاک کا علاج | ۳۵ |
| ۱۹ | فالج اور لقوہ | // |
| ۲۰ | ادائیگی قرض | // |
| ۲۱ | ہر مشکل کے لیے | ۳۶ |
| ۲۲ | فاقہ سے بچاؤ | // |
| ۲۳ | نظرِ بد سے بچاؤ | ۳۷ |
| ۲۴ | بخار کے لیے | // |
| ۲۵ | چشمِ خلائق میں مقبول ہونا | // |
| ۲۶ | قید سے رہائی | ۳۸ |
| ۲۷ | حاجت کے لیے | // |
| ۲۸ | مسان دور کرنا | ۴۰ |
| ۲۹ | گمشدہ چیز کا ملنا | // |
| ۳۰ | قوتِ گویائی کے لیے | ۴۱ |
| ۳۱ | مؤکل سورج وچاند مسخر کرنا | // |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۲ | دعوت سورۂ مزمل | ۴۱ |
| ۳۳ | ہر مقصد کے لیے | ۴۲ |
| ۳۴ | کمر درد کے لیے | ۴۳ |
| ۳۵ | سورۂ مزمل کی زکوٰۃ کا طریقہ | // |
| ۳۶ | اولادِ نرینہ کے لیے | ۴۴ |
| ۳۷ | دشمن کے شر سے محفوظ رہے | ۴۵ |
| ۳۸ | بے شمار فوائد کا حصول | // |
| ۳۹ | غیب سے روزی ملے | ۴۹ |
| ۴۰ | خواب بندی کے لیے | ۵۰ |
| ۴۱ | دشمن کو بیمار کرنا | // |
| ۴۲ | پریوں کا بادشاہ حاضر کرنا | ۵۱ |
| ۴۳ | جسمانی درد | // |
| ۴۴ | بچہ زندہ رہے | // |
| ۴۵ | ظالم افسر سے نجات | ۵۲ |
| ۴۶ | وسعت رزق کے لیے | // |
| ۴۷ | قضائے حاجت کے لیے | ۵۳ |
| ۴۸ | مشکل کے لیے | // |
| ۴۹ | حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت | ۵۴ |


Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۵۰ | زیادتی علم کے لیے | ۵۵ |
| ۵۱ | ارواحِ اولیاء کے لیے | // |
| ۵۲ | گناہوں سے چھٹکارا | // |
| ۵۳ | بے اولاد عورت کے لیے | ۵۶ |
| ۵۴ | دشمن کا گھر ویران کرنا | // |
| ۵۵ | کشائشِ رزق کے لیے | ۵۷ |
| ۵۶ | فتوحاتِ کثیرہ کے لیے | // |
| ۵۷ | حاجت روائی کے لیے | ۵۸ |
| ۵۸ | اولاد ہوگی یا نہیں | ۵۹ |
| ۵۹ | نماز کی محبت پیدا کرنا | // |
| ۶۰ | نماز برائے زیارتِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | // |
| ۶۱ | جوڑوں کا درد | ۶۰ |
| ۶۲ | دشمن کی بربادی | // |
| ۶۳ | مطلوب کو حاضر کرنا | ۶۲ |
| ۶۴ | جنات کو تابع کرنا | // |
| ۶۵ | ظاہری و باطنی فتوحات | // |
| ۶۶ | جلد شفا کے لیے | ۶۴ |
| ۶۷ | خواب میں کوئی جگہ دیکھنا | // |


مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| ۶۴ | سحر زدہ کے لیے | ۶۸ |
| ۶۵ | خزانہ کی جگہ معلوم کرنا | ۶۹ |
| // | جن کو مسخر کرنا | ۷۰ |
| ۶۶ | غیب سے فتوحات حاصل کرنا | ۷۱ |
| ۶۷ | قیدی کی رہائی | ۷۲ |
| // | دشمن سے بچاؤ کے لیے | ۷۳ |
| // | رزق میں اضافہ کے لیے | ۷۴ |
| ۶۸ | حاجت کے لیے | ۷۵ |
| ۶۹ | دشمن کو تباہ کرنا | ۷۶ |
| ۷۰ | زن عقیمہ کے لیے | ۷۷ |
| ۷۰ | آسیب کے لیے | ۷۸ |
| // | میاں بیوی میں محبت | ۷۹ |
| ۷۱ | ڈائن کی نظرِ بد | ۸۰ |
| ۷۱ | مسان دُور کرنا | ۸۱ |
| // | دشمن کی بربادی | ۸۲ |
| // | حاکم کو مہربان کرنا | ۸۳ |
| ۷۲ | مشکل کے لیے | ۸۴ |
| // | پریشانی کے لیے | ۸۵ |


Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۸۶ | حمل قائم رہے | ۷۳ |
| ۸۷ | جادُو کا اثر | // |
| ۸۸ | روحانی قوت کے لیے | // |
| ۸۹ | زہر کا اثر | ۷۴ |
| ۹۰ | تسخیرِ خلائق کے لیے | // |
| ۹۱ | محبتِ الٰہی کے لیے | ۷۵ |
| ۹۲ | قیدی کی رہائی | // |
| ۹۳ | جدائی ڈالنا | // |
| ۹۴ | اولادِ نرینہ کے لیے | ۷۶ |
| ۹۵ | استخارہ کے لیے | // |
| ۹۶ | میاں بیوی کا جھگڑا | ۷۷ |
| ۹۷ | تنگیِ رزق کے لیے | // |
| ۹۸ | جملہ حاجات کے لیے | ۷۸ |
| ۹۹ | غلبہِ نفس سے بچاؤ | // |
| ۱۰۰ | کسی چیز کے بارے میں معلوم کرنا | ۷۹ |
| ۱۰۱ | زبان بندی کے لیے | // |
| ۱۰۲ | آسیب دفع ہو | ۸۰ |
| ۱۰۳ | قضائے حاجت کے لیے | // |


مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۰۴ | عذابِ قبر سے نجات | ۸۱ |
| ۱۰۵ | رزق میں اضافہ | // |
| ۱۰۶ | مثانہ کی تکلیف | // |
| ۱۰۷ | چشمِ خلائق میں مقبول ہونا | ۸۲ |
| ۱۰۸ | غربت دُور کرنا | // |
| ۱۰۹ | زبان بندی اور غلبہ کے لیے | ۸۳ |
| ۱۱۰ | بیماری کے لیے | ۸۴ |
| ۱۱۱ | جن کا سایہ | // |
| ۱۱۲ | حمل قائم رہے | ۸۵ |
| ۱۱۳ | محبتِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم | // |
| ۱۱۴ | حاکم کو مہربان کرنا | ۸۶ |
| ۱۱۵ | فوائدِ عجیبیہ کے لیے | // |
| ۱۱۶ | خزانہ حاصل ہو | ۸۷ |
| ۱۱۷ | دشمن کو مغلوب کرنا | // |
| ۱۱۸ | پریاں حاضر کرنا | ۸۸ |
| ۱۱۹ | فراخیِ رزق کے لیے | // |
| ۱۲۰ | مشکل آسان ہو | // |
| ۱۲۱ | خاص مقصد میں کامیابی | ۸۹ |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۲۲ | اولاد کے لیے | ۹۰ |
| ۱۲۳ | قضائے حاجت کے لیے | ۹۱ |
| ۱۲۴ | اولادِ نرینہ کے لیے | " |
| ۱۲۵ | مطلوب کو فریفتہ کرنا | ۹۲ |
| ۱۲۶ | ہر کام کی آسانی کے لیے | " |
| ۱۲۷ | گمشدہ کو حاضر کرنا | ۹۳ |
| ۱۲۸ | کند ذہنی کا علاج | ۹۴ |
| ۱۲۹ | امتحان میں کامیابی | " |
| ۱۳۰ | درختوں کی حفاظت | ۹۵ |
| ۱۳۱ | فتوحات کے لیے | " |
| ۱۳۲ | کشائشِ رزق کے لیے | ۹۶ |
| ۱۳۳ | مؤکل حاضر کرنا | ۹۷ |
| ۱۳۴ | مفرور کا حال معلوم کرنا | " |
| ۱۳۵ | حمل سلامت رہے | ۹۸ |
| ۱۳۶ | فراخیٔ رزق کے لیے | " |
| ۱۳۷ | مستجاب الدعوات ہونا | ۹۹ |
| ۱۳۸ | نامردی کا علاج | ۱۰۰ |
| ۱۳۹ | دشمن کو پریشان کرنا | ۱۰۲ |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۴۰ | وسعت رزقِ حلال | ۱۰۳ |
| ۱۴۱ | دشمن کی ہلاکت | // |
| ۱۴۲ | قرض جلد ادا ہو | ۱۰۴ |
| ۱۴۳ | حل المشکلات کا عمل | // |
| ۱۴۴ | ترقی کے لیے | ۱۰۵ |
| ۱۴۵ | قید سے آزادی | ۱۰۶ |
| ۱۴۶ | کشائشِ رزق کے لیے | // |
| ۱۴۷ | کاروبار خوب چلے | // |
| ۱۴۸ | مال کی حفاظت | ۱۰۷ |
| ۱۴۹ | سوکنوں کی لڑائی | // |
| ۱۵۰ | زبان بندی کے لیے | ۱۰۸ |
| ۱۵۱ | جلد شادی کے لیے | // |
| ۱۵۲ | فسق و فجور سے بچاؤ | ۱۰۹ |
| ۱۵۳ | چشمِ خلائق میں مقبول ہونا | // |
| ۱۵۴ | بدقسمتی دُور کرنا | ۱۱۰ |
| ۱۵۵ | مصائب سے نجات کے لیے | ۱۱۰ |
| ۱۵۶ | ہلاکتِ دشمن کے لیے | ۱۱۱ |
| ۱۵۷ | قضائے حاجت کے لیے | // |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۵۸ | مفلسی دُور ہو | ۱۱۲ |
| ۱۵۹ | امتحان میں کامیابی | ۱۱۳ |
| ۱۶۰ | عذابِ قبر سے نجات | ۱۱۳ |
| ۱۶۱ | رنج وغم دُور کرنا | ۱۱۴ |
| ۱۶۲ | حاسد سے بچاؤ | ۱۱۶ |
| ۱۶۳ | سفر میں حفاظت | // |
| ۱۶۴ | قربتِ الٰہی حاصل ہو | ۱۱۷ |
| ۱۶۵ | بخار کے لیے | // |
| ۱۶۶ | فراخی رزق کے لیے | // |
| ۱۶۷ | جن کا سایہ دُور کرنا | ۱۱۸ |
| ۱۶۸ | دشمن کی زبان بندی | // |
| ۱۶۹ | حاکم کو مہربان کرنا | ۱۱۹ |
| ۱۷۰ | سوکھے کا علاج | // |
| ۱۷۱ | دلوں کو مسخر کرنا | ۱۲۰ |
| ۱۷۲ | پاگل پن کو دُور کرنا | // |
| ۱۷۳ | دشمن کے وار سے بچاؤ | ۱۲۱ |
| ۱۷۴ | محبت میں فریفتہ کرنا | ۱۲۱ |
| ۱۷۵ | گھر میں جنّات | ۱۲۱ |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۷۶ | مراد پوری ہو | ۱۲۲ |
| ۱۷۷ | حاضرات کے لیے | // |
| ۱۷۸ | برائے حاجت | ۱۲۳ |
| ۱۷۹ | کامیابی و فتح کے لیے | ۱۲۴ |
| ۱۸۰ | قید سے رہائی | // |
| ۱۸۱ | بچے کا رونا | ۱۲۵ |
| ۱۸۲ | حُب کے لیے | // |
| ۱۸۳ | نیکی کی طرف راغب ہونا | ۱۲۶ |
| ۱۸۴ | دشمن پریشان ہو | // |
| ۱۸۵ | غائب کو حاضر کرنا | ۱۲۷ |
| ۱۸۶ | تسخیر و محبت کے لیے | ۱۲۸ |
| ۱۸۷ | وسعتِ رزق کے لیے | // |
| ۱۸۸ | کفایتِ مہمات کے لیے | ۱۲۹ |
| ۱۸۹ | ادائیگی قرض | // |
| ۱۹۰ | صحت یابی کے لیے | // |
| ۱۹۱ | دولت و مرتبہ کے لیے | // |
| ۱۹۲ | عہدہ پر بحالی کے لیے | ۱۳۰ |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۹۳ | چشمِ خلائق میں معزز ہونا | ۱۳۰ |
| ۱۹۴ | میاں بیوی میں محبّت | ۱۳۱ |
| ۱۹۵ | زبان بندی کے لیے | ۱۳۱ |
| ۱۹۶ | دو افراد میں جدائی ڈالنا | ۱۳۲ |
| ۱۹۷ | فتوحاتِ غیبی کے لیے | ۱۳۲ |
| ۱۹۸ | مقدمہ میں کامیابی | ۱۳۳ |
| ۱۹۹ | حمل قائم رہے | // |
| ۲۰۰ | بھاگا ہوا واپس آئے | ۱۳۴ |
| ۲۰۱ | دشمن کی بربادی | ۱۳۵ |
| ۲۰۲ | ہمسایے کے شر سے محفوظ رہے | ۱۳۶ |
| ۲۰۳ | مہم میں کامیابی | // |
| ۲۰۴ | پیٹ کی خرابی | ۱۳۷ |
| ۲۰۵ | حاکم کو مہربان کرنا | // |
| ۲۰۶ | مشکل کے لیے | ۱۳۸ |
| ۲۰۷ | لڑکی کی شادی کے لیے | ۱۳۹ |
| ۲۰۸ | گردن میں درد | // |
| ۲۰۹ | وباء سے بچاؤ | // |
| ۲۱۰ | والدین کو راضی کرنا | ۱۴۰ |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۱۱ | نافرمان اولاد کے لیے | ۱۴۰ |
| ۲۱۲ | چوری کا مال | ۱۴۱ |
| ۲۱۳ | قرآن مجید جلد حفظ ہو | // |
| ۲۱۴ | دو دشمنوں میں صُلح | ۱۴۲ |


Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کا نزول امراض روحانی و باطنی سے شفا کیلیے فرمایا ہے وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ بے شک قرآن پاک انسانوں کی ہدایت کے لیے نازل فرمایا گیا ہے مگر کلام پاک کی یہ بھی معجزانہ شان ہے کہ اس کے الفاظ و کلمات کے اثرات سے جہاں پر جسمانی امراض سے شفا حاصل ہوتی ہے وہاں پر بے شمار مشکلات بھی آسان ہو جاتی ہیں۔

یہ بات درست ہے کہ جو بھی دکھ اور تکلیف ہوتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آتی ہے۔ مگر اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ بیماریوں کے علاج اور مشکلات کے حل کی جس قدر بھی تدابیر ہیں وہ اللہ تعالیٰ نے طے اور مقرر کر دی ہیں تو جب انسان اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ طے شدہ ضابطے اور قانون کے مطابق علاج کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرماتا ہے اور مشکلات کو آسان فرماتا ہے۔ ترمذی شریف کی ایک حدیث پاک میں اس طرح سے آتا ہے کہ حضرت ابی خزامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد محترم سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا میں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پوچھا کہ یہ دعا تعویذ جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر جو ہم دکھوں اور مصیبتوں سے بچنے کے لیے اختیار کرتے ہیں۔ کیا یہ

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ سب چیزیں بھی تو اللہ تعالیٰ کی تقدیر میں سے ہیں۔

قرآنِ مجید کی سورۃ مزمل سے بزرگانِ دین نے بہت زیادہ استفادہ حاصل کیا ہے لاتعداد امراض کا علاج اور بے شمار مشکلات کا حل اس کی تلاوت کر کے ڈھونڈا ہے چونکہ قرآنِ پاک کی ہر سورۃ اپنے اندر خواص و اثرات رکھتی ہے۔ اسی طرح سورۃ مزمل کی تلاوت کرنا بھی اس سورہ کے خواص و برکات سے فائدہ حاصل کرنے کا باعث ہے۔ زیرِ نظر کتاب میں مشکلات اور امراض کو دور کرنے کے ضمن میں سورۃ مزمل کو مختلف اوقات و تعداد کے مطابق پڑھنے کے وظائف و اعمال کا بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے نہ صرف خود استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے بلکہ دوسروں کو بھی فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت بہتر اور احسن طریقہ سے کی جا سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ سورہ مزمل کی برکت سے ہر مریض کو شفائے کاملہ نصیب فرمائے اور ہر ایک کی پریشانی و مشکل رفع فرمائے۔ آمین ثم آمین

محمد الیاس عادل

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# سُورۂ مزمل کی فضیلت

سورۂ مزمل کے بے شمار فضائل ہیں اس کو پڑھنے کی بہت سی برکات ہیں۔ اس سُورۂ کو پڑھنے کا ایک فائدہ تو یہ ہے کہ اس کو پڑھتے رہنے والے کو خواب میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت ہوتی ہے اور یہ تمام نعمتوں سے افضل نعمت ہے۔ بے شک قرآن مجید کی تمام سورتیں بہت زیادہ فضیلت رکھتی ہیں لیکن جس طرح سے ہر پھول کا رنگ اور خوشبو اپنی اپنی ہوتی ہے۔ اسی طرح سورۂ مزمل کے فضائل وخواص بھی بہت خوب ہیں۔

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سُورہ مزمّل کو پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دُور فرما دے گا۔

❋

اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سُورۂ مزمّل کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت ومفلسی کو دور کر دے گا۔ جس مشکل کے لیے

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی ۔

*

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نمازِ فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دستِ مبارک میں ایک کاغذ دیا اس پر سورۃ مزمل بخطِ نور تحریر تھی ۔ اس کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہر چہار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورہ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کیے جائیں گے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی ۔

*

سورۃ مزمل کی فضیلت کے ضمن میں حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اس سورہ کی تفسیر میں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے لکھا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر مداومت رکھتا ہو اسے حسن قدر بھی حاسد، ظالم، جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہیں تو اس کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہوجائیں گے ۔

*

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سورۃ مزمل کی فضیلت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جو کوئی سورۃ مزمل کو پڑھے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس پہ کوئی مصیبت نازل نہیں ہوگی اور وہ اللہ تعالیٰ اور مخلوق کی نگاہ میں صاحب عزت ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس پہ اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اور اگر خلوصِ دل سے اس سورۃ کو پڑھ کر پتھر پہ دم کرے گا تو کچھ عجیب نہیں کہ وہ سونا بن جائے اس کے پڑھنے والے پہ زہر اور جادو کا اثر نہ ہوگا۔ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر بہتے ہوئے پانی پر پڑھ کر دم کرے گا تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے پانی کھڑا ہو جائے گا۔ جس بیمار پہ پڑھے گا بفضلِ باری تعالیٰ شفایاب ہو جائے گا۔ قیدی کی رہائی کے لیے پڑھے گا تو قید سے نجات مل جائے گی۔

❋

ایک اور مقام پہ حضرت سلطان المشائخ حضرت خواجہ محبوبِ الٰہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سورۃ مزمل کی فضیلت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ سلیمان سمرقندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بہت بڑے بزرگ تھے حجاج بن یوسف نے آپ کو قید میں ڈال دیا اور سر سے پاؤں تک آہنی زنجیروں میں جکڑ دیا گیا۔ آپ فرماتے ہیں کہ مجھے سورۃ مزمل یاد آئی، چنانچہ میں نے اسی وقت پڑھنا شروع کر دی ابھی ختم بھی نہ کرنے پایا تھا کہ تمام بیڑیاں، طوق اور ہتھکڑیاں ٹوٹ کر گر گئیں۔ حضرت علی

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی سورۂ مزمل کی برکت سے ۷۰ لڑائیوں میں فتح حاصل کی۔ اسی سورہ کی برکت سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ دیا تھا۔

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ (١) قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ (٢)

اے جھرمٹ مارنے والے رات میں قیام فرما سوا کچھ رات کے

نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ (٣) اَوْ زِدْ عَلَيْهِ

آدھی رات یا اس سے کچھ کم کرو یا اس پر کچھ بڑھاؤ

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۭ (٤) اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ

اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو بیشک عنقریب ہم تم پر ایک

قَوْلًا ثَقِيْلًا (٥) اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ

بھاری بات ڈالیں گے بے شک رات کا اُٹھنا وہ زیادہ دباؤ ڈالتا ہے

وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۭ (٦) اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا

اور بات خوب سیدھی نکلتی ہے بیشک دن میں تو تم کو بہت سے کام

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



طَوِيلًا ﴿٧﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ

ہیں اور اپنے رب کا نام یاد کرو اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے

تَبْتِيلًا ﴿٨﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَٰهَ

ہو رہو وہ پورب کا رب اور پچھم کا رب اس کے سوا

إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ﴿٩﴾ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا

کوئی معبود نہیں تو تم اسی کو اپنا کارساز بناؤ اور کافروں کی باتوں پر

يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا ﴿١٠﴾ وَذَرْنِي

صبر فرماؤ اور انہیں اچھی طرح چھوڑ دو اور مجھ پر چھوڑ دو

وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ﴿١١﴾

ان جھٹلانے والے مال داروں اور انہیں تھوڑی مہلت دو

إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيمًا ﴿١٢﴾ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ

بیشک ہمارے پاس بھاری بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی آگ اور گلے میں پھنستا کھانا

وَعَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ

اور دردناک عذاب جس دن تھرتھرائیں گے زمین اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com



الْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿١٤﴾ اِنَّآ

پہاڑ اور پہاڑ ہو جائیں گے ریتے کا ٹیلا بہتا ہوا بیشک

اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۵ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ

ہم نے تمہاری طرف ایک رسول بھیجے کہ تم پر حاضر ناظر ہیں جیسے

اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿١٥﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ

ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجے تو فرعون نے اس رسول

الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿١٦﴾ فَكَيْفَ

کا حکم نہ مانا تو ہم نے اسے سخت گرفت سے پکڑا پھر کیسے

تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ

بچو گے اگر کفر کرو اس دن جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا

شِيْبًا ﴿١٧﴾ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ۭ كَانَ وَعْدُهٗ

آسمان اس کے صدمہ سے پھٹ جائے گا اللہ کا وعدہ

مَفْعُوْلًا ﴿١٨﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ

ہو کر رہنا۔ بے شک یہ نصیحت ہے تو جو چاہے اپنے

Oureshi

اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝١٩ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ

رب کی طرف راہ لے بے شک تمہارا رب جانتا

اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ

ہے کہ تم قیام کرتے ہو کبھی دو تہائی رات کے قریب کبھی آدھی

وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَ

رات کبھی تہائی اور ایک جماعت تمہارے ساتھ والی اور

اللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ

اللہ رات اور دن کا اندازہ فرماتا ہے اسے معلوم ہے کہ مسلمانو

تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ

تم سے رات کا شمار نہ ہو سکے گا تو اس نے اپنی مہر سے تم پر رجوع فرمائی

مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ

اب تو قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو اسے معلوم ہے کہ عنقریب کچھ تم میں

مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ

سے بیمار ہوں گے اور کچھ زمین میں سفر کریں گے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com
Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ

اللہ کا فضل تلاش کرنے اور کچھ اللہ کی راہ

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ

میں لڑتے ہوں گے تو جتنا قرآن میسر ہو

مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ

پڑھو اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور

اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا

اللہ کو اچھا قرض دو اور اپنے لیے جو

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ

بھلائی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے پاس بہتر اور بڑے

هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ

ثواب کی پاؤ گے اور اللہ سے بخشش مانگو

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ ع

بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# سورۂ مزمل

# سے

# مشکلات کا حل

قرآنِ مجید کی سورۂ مزمل میں بے شمار شفائی خواص مضمر ہیں۔ اس کی تلاوت کرنے سے بہت سی مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اس سورت مبارکہ کی برکت سے پڑھنے والے پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرماتا ہے۔ حاجات روائی فرماتا ہے ہر طرح کی جائز حاجت کتابِ ہذا میں بتائے گئے عملیات کے مطابق ورد کرنے سے پوری ہو جاتی ہے۔ مریض شفا پاتے ہیں پڑھنے اور سننے والے پر برکاتِ الٰہی کا نزول ہوتا ہے۔ نمازِ تہجد کے وقت سورہ مزمل کی تلاوت کرنا دینی و دنیوی برکات کے حصول کا باعث ہے اس کے علاوہ رات اور دن کے کسی بھی حصّہ میں اس سورہ کا پڑھنا نفع پہنچاتا ہے۔ سورۂ مزمل کی تلاوت کرنے سے اللہ تعالیٰ جہاں پر مشکلات کو حل فرماتا ہے وہاں بندے کے گناہوں کو معاف بھی فرماتا ہے اور اسے بخش دیتا ہے اسی سورۂ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کہ اللہ تعالیٰ سے بخشش کی دعا مانگو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے
سورۂ مزمل سے مشکلات کے حل کے ضمن میں اگلے صفحات پر اس
سورۂ مبارکہ کے اسرار و خواص کو بیان کیا گیا ہے۔ تاکہ ہر کوئی اس سے
استفادہ حاصل کر سکے۔

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## اولاد کی زندگی کے لیے

اگر کسی کا بچہ شیر خوارگی کی عمر ہی میں فوت ہو جاتا ہو تو نیلے سوت کے چالیس تار ایک جگہ پر بٹ کر اس کی رسی بنائیں اور اس میں چالیس گرہ اس طرح سے لگائیں کہ ہر گرہ پہ ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھیں اور پھر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کی عمر دراز ہو گی اور وہ صحت مند بھی ہو گا۔

## بانجھ پن

بانجھ پن کا عارضہ دور کرنے کے لیے سورۃ مزمل کی یہ آیت مبارکہ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ایک سفید کاغذ پر لکھ اور پانی پینے والے برتن میں ڈال کر گھولے۔ عورت یہ پانی دن میں کئی مرتبہ پیئے۔ سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کیا جائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عورت کا بانجھ پن دور ہو جائے گا اور پروردگارِ عالم اپنی قدرت کاملہ سے اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔

❖ ❖ ❖

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# غائب کا حال دریافت کرنا

اگر کسی کا کوئی عزیز گم ہو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں اور کس حال میں ہے تو جمعہ کی شب غسل کر کے پاک و صاف لباس پہن کر نمازِ عشاء کی ادائیگی کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے اور فارغ ہونے کے بعد چالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اور پھر قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے باوضو حالت میں ہی سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رات کو خواب میں گمشدہ کے بارے میں سب کچھ معلوم ہو جائے گا اگر پہلی شب مطلوبہ مقصد پورا نہ ہوتا ہو تو اگلی رات اسی طرح کرے حتیٰ کہ سات شب تک یہ عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس عرصے میں ضرور خواب میں گمشدہ کے بارے میں معلوم ہو جائے گا۔

# دشمن کی تباہی

ظالم دشمن کی تباہی کی غرض سے چالیس یوم تک بلا ناغہ قبرستان میں جا کر دو پرانی قبروں کے مابین بیٹھے اور باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل اس نیت سے پڑھے کہ دشمن تباہ ہو جائے اور کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے۔ چالیس یوم تک اسی طرح سورہ مزمل پڑھتے سے دشمن کے بارے میں جس طرح بھی خیال کرے گا اسی طرح ہو گا اور دشمن کی تباہی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

Oureshi

# تسخیرِ جنّات

جنات، دیو یا پری کو تسخیر کرنے کے لیے کسی ایسے مکان میں تنہا جائے جہاں پر کوئی دوسرا شخص نہ ہو باوضو اور پاکیزہ لباس میں ہو دروازہ بند کر کے کمرے میں صندل وعود کا بخور روشن کرے پھر سورہ مزمل دوسو ایک مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اول وآخر اکیس اکیس مرتبہ درودِ پاک پڑھے اور اپنے مقصد کی نیت دل میں رکھے۔ مطلوبہ مقصد کا تصور کرے ہر روز بلاناغہ چالیس دن تک اسی طرح پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی جب مقصد پورا ہو جائے تو کسی سے یہ راز نہ کہے، اسے پوشیدہ ہی رکھے اگر کسی پر ظاہر کرے گا تو عمل کا اثر ختم ہو جائے گا۔ تسخیر شدہ اطاعت سے نکل جائے گا۔

# عمل برائے کامیابی

جو کوئی کسی جائز مقصد کی کامیابی کے لیے چاند کے مہینہ کے عروج میں بدھ، جمعرات یا جمعۃ المبارک کے دن سے نمازِ عشاء کے بعد مکمل طہارت کے ساتھ توجہ ویکسوئی سے دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد بیس مرتبہ سورہ مزّمل پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور نماز پوری کر کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی حاجت کے لیے بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے اگر حُب کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com


ارادے سے پڑھے تو عمل کے دوران محبوب کا تصور لائے۔ اگر دشمن کی بربادی کی غرض سے پڑھے تو دشمن کو سیاہ تصویر کی شکل میں خیال کرے اگر فتوحات کے لیے پڑھے تو اس کا خیال رکھے۔ بفضلِ باری تعالیٰ چند دنوں کے عمل سے مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا۔

## حاکمِ وقت کو مطیع کرنا

حاکمِ وقت کو اپنا مطیع دگرویدہ کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور سورۃ مزمل پڑھتے وقت حاکمِ وقت کی حاضری کا تصور کرے، چالیس یوم تک بلاناغہ اسی طرح کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چالیس یوم کے بعد حاکمِ وقت اس کا مطیع ہو جائے گا اور ایسا سبب پیدا ہو گا کہ وہ خود اس کے پاس حاضر ہو گا۔

## جنگ میں حفاظت

لڑائی کے میدان میں جان کی حفاظت کے لیے سورۃ مزمل کا ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھتا ہے۔ دشمن کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا اور نہ ہی کوئی کاری زخم لگا سکتا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ میدانِ جنگ میں نقصان سے بچا رہے گا اور کامیاب ہو کر لوٹے گا۔

٭ ٭ ٭

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## شادی کے لیے

اگر کسی بچے یا بچی کی شادی نہ ہوتی ہو اور کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ جمعہ کے دن دو رکعت نفل نماز پڑھے اور سلام کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر سجدے میں جا کر دعا مانگے۔ سات جمعہ تک اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شادی ہو جائے گی۔

## دشمن کی سرکوبی

جو کوئی دشمن کے ہاتھوں سخت پریشان ہو، دشمن اسے نقصان پہنچانے سے کسی طرح باز نہ آتا ہو تو وہ نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد روزانہ چالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے پھر چالیسویں دن قبرستان میں جائے اور دو ویرانی قبروں کے درمیان ننگے سر بیٹھ کر صرف دو مرتبہ سورۂ مزمّل پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن کی تباہی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

## ملازمت کے لیے

حسبِ منشاء ملازمت حاصل کرنے کی غرض سے چاند کے مہینہ کے عروج میں پیر یا جمعرات کے دن سے اشراق کے وقت اس طرح سے عمل شروع کرے کہ پہلے گیارہ بار درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com


سورۃ مزمل پڑھے اور گیارہ بار درود پاک پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا مانگنے سے پہلے تین بار یہ دعا مانگے

یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ

یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَخِّرُ سَخِّرْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ

سورۃ مزمل کی تلاوت کرتے ہوئے جب لفظ تَرْتِيْلًا پر پہنچے تو پچاس مرتبہ آیہ مبارکہ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ سے قَدْرًا تک پڑھ کر حصول ملازمت کے لیے دعا مانگے سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

# آسیب بھگانا

باوضو حالت میں سورہ مزمل پڑھ کر آسیب زدہ کے کان میں دم کرے بلکہ آسیب زدہ کے کان میں پڑھے۔ اس کے بعد سورۃ مزمل ایک سفید کاغذ پر لکھے اور تعویذ کی شکل میں آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے باذن باری تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا۔ آزمودہ ہے۔

# یادداشت کے لیے

اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو تو تین بار سورۃ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پی لے ہر روز اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم تک اس طرح دم کیا ہوا پانی پینے سے حافظہ قوی ہو جائے گا۔

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# سوزاک کا علاج

باوضو حالت میں ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر آبِ باراں پر دم کرے اور مریض کو پلائے سات یوم تک بلاناغہ پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سوزاک کا مرض جاتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

# فالج اور لقوہ

اگر کسی کو فالج یا لقوہ کا مرض لاحق ہو گیا ہو تو چاہیے کہ پہلے اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل پھر اکتالیس بار سورہ یٰسٓ اور اکتالیس بار سورہ جمعہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور روغنِ زیتون پر دم کرے یا دوا میں دم کرے اور مریض کے جسم کے متاثرہ حصے پر مالش کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ پہلے دن ہی مریض کو افاقہ ہو گا۔ ہر روز مالش کرنے سے بفضلِ باری تعالیٰ شفا ہو گی۔

# ادائیگی قرض

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور ادائیگی قرض کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ ہر فرض نماز کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ایک بار سورہ مزمل پڑھے اس کے بعد تین بار یہ دعا مانگے۔

يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ هَيِّئْ لَنَا سَبَبًا لَا يَسْتَطِيْعُ

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



لَهٗ طَلَبًا وَّيَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ
فَضْلِكَ وَاَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاَبْوَابَ فَضْلِكَ
وَاَبْوَابَ مَغْفِرَتِكَ وَاَبْوَابَ عِنَايَتِكَ يَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ ٥

انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے

## ہر مشکل کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی مشکل آسان ہو جائے تو وہ نمازِ فجر کے بعد چھ بار سورۂ مزمل پڑھے۔ نمازِ ظہر کے بعد سات بار، نمازِ عصر کے بعد آٹھ بار، نمازِ مغرب کے بعد نو بار اور نمازِ عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل سہل ہو جائے گی۔ اگر کوئی اس طرح سورۂ مزمل پڑھنے کا معمول بنا لے تو بفضلِ باری تعالیٰ اس کی راہ میں کوئی بھی مشکل حائل نہ ہو گی۔

## فاقہ سے بچاؤ

ہر روز نمازِ عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا فاقہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ رزق میں خیر و برکت پیدا فرماتا ہے اور اسے کبھی رزق کی کمی نہیں آتی۔

٭ ٭ ٭

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## نظرِ بد سے بچاؤ

اگر کسی بچہ کو نظرِ بد لگ جائے تو چاہیے کہ سورۃ مزمل شریف باوضو حالت میں پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بڑی نظر کا اثر زائل ہو جائے گا اور جو کوئی ہر روز نمازِ مغرب کے بعد سورۃ مزمل پڑھ کر بچے کو دم کر دیا کرے تو بچہ کبھی نظرِ بد کا شکار نہ ہو گا اور بُری نظر سے محفوظ رہے گا۔

## بخار کیلئے

بخار میں مبتلا مریض کو باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اسی دن بخار اتر جائے گا اگر پہلے دن تھوڑا سا افاقہ ہو تو پھر اگلے دن بھی اسی طرح کرے۔ حتیٰ کہ تین دن تک یہ عمل کرنے سے اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور مریض بالکل صحت یاب ہو جائے گا۔

## چشمِ خلائق میں مقبول ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشمِ خلائق میں مقبول ہو جائے ہر کوئی اس کے ساتھ محبت و اخلاق سے پیش آئے۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے تو وہ سورۃ مزمل لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اسے

www.iqbalkalmati.blogspot.com


مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی ۔

## قید سے رہائی

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اور رہائی کی کوئی صورت ممکن دکھائی نہ دیتی ہو تو چاند کے مہینہ کے عروج میں جمعرات کے دن سے اس طرح عمل کرے کہ اشراق کی نماز پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے اور بتیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے ۔ چند یوم تک یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد قید سے رہائی عمل میں آ جائے گی ۔ اس عمل کو کرنے کے دوران کسی سے کوئی گفتگو نہ کرے تو اس کے اثرات چند دنوں میں ہی ظاہر ہوں گے اور قیدی توقع کے عین مطابق قید سے رہا ہو جائے گا ۔

## حاجت کے لیے

اگر کسی کی کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی طرح بھی پوری نہ ہوتی ہو تو باوضو حالت میں نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد کوئی سا ایک وقت مقرر کر کے ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک سورۃ مزمل کا عمل اس طرح سے کرے کہ پہلے گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْۢبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


پھر سورۃ مزمل پڑھنی شروع کرے اور جب آیۃ مبارکہ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو اس کو تین بار پڑھے پھر اسی آیت کے شروع میں لفظ یا ملا کر تین بار پڑھے جب آیہ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ پر پہنچے تو اس کو تین بار پڑھ کر یَا مَنْ يُّقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ قَدِّرْ لِيْ قَضَاءَ حَاجَاتِيْ اِنَّكَ قَادِرٌ وَّاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تین بار کہے جب آیہ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ پر پہنچے اس کو بھی تین بار پڑھ کر اَللّٰهُمَّ مِنْ فَضْلِكَ اَبْتَغِيْتُ وَمِنْ فَضْلِكَ اَرْجُوْ فَلَا تُخَيِّبْنِيْ يَا ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ تین بار پڑھے جب سورہ ختم کرے تو آخری آیت یعنی وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ کو تین بار پڑھ کر اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ تین بار پڑھ کر ایک بار یا تین بار یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ الْعَظِيْمَةِ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ اَسْمَآئِكَ الشَّرِيْفَةِ الْعِظَامِ يَا طَهْمِيْرَحُ يَا عَظِيْمُ يَا اَسَارِهْيُشُ يَا عَسِيْحُ يَا صَعْسِنِيْسُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَمَّيْتَهُ فِيْ كِتَابِكَ الْعَزِيْزِ يَا اَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ اَنْ تَرْمِيَنِيْ عَنْ عُيُوْنِ النَّاظِرِيْنَ وَالنَّاظِرِيْنَ وَالْحَاسِدِيْنَ مِنْ اَعْدَائِكَ وَاَعْدَائِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اس طرح سے گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اپنے مقصد کے حصول کیلئے

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند دنوں کے بعد ہی حاجت روائی ہو جائے گی ۔

## مسان دور کرنا

مسان دور کرنے کی غرض سے جس وقت عورت ڈیڑھ ماہ کی حاملہ ہو جائے تو اس وقت اکتالیس تار نیلی رنگت کے کچے سُوت کے لے کر ان پر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر اکتالیس گرہ لگاتے وقت پڑھے اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور ہر گرہ پر دم کرتا جائے اور پھر یہ گنڈا حاملہ کی کمر سے باندھے ۔ جب عورت کو دردِ زہ شروع ہو جائے تو اس وقت کھول دے اور محفوظ کر لے ۔ جب بچہ کی ولادت ہو تو بچے کے گلے میں ڈال دے اس کے بعد ختم دلائے اور جو کلام پڑھے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمتِ اقدس میں تحفتہً ہدیۃً پیش کرے ۔

## گمشدہ چیز کا ملنا

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور کسی طرح نہ ملتی ہو تو وہ ہر روز چالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے ۔ چالیس یوم تک بلا ناغہ اسی طرح عمل کرے ۔ بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد گمشدہ چیز مل جائے گی ۔

❖ ❖ ❖

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# قوت گویائی کے لیے

اگر کسی کی زبان رواں نہ ہو بولنے میں ہکلاہٹ ہوتی ہو یا وہ دوسروں کے سامنے کھل کر اپنی بات کا اظہار نہ کر سکتا ہو اور ہچکچاتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نمازِ عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ بلاناغہ سات یوم تک یہ عمل کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قوتِ گویائی میں خوب اضافہ ہوگا۔

# مؤکل سورج و چاند مسخر کرنا

اس مقصد کے لیے بدھ کو نمازِ عشاء کے بعد چار سو مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے ہر روز بلاناغہ چالیس یوم تک اسی طرح پڑھتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

# دعوت سورۃ مزمل

سورۃ مزمل کی دعوت کی شرائط و پرہیز کے ساتھ یعنی پاکیزہ حالت میں ترکِ حیوانات کے ساتھ ہر روز اکیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور پھر ذیل میں دیا ہوا نقش اکیس مرتبہ عرق گلاب اور زعفران سے لکھے اور گندم کے آٹے کی گولی میں رکھ کر دریا میں ڈال لے۔ سات یوم کے بعد ہر روز ایک بار سورہ مزمل پڑھے اور ایک نقش لکھ کر دریا میں ڈال لے۔ نقش مبارک اگلے صفحہ پر دیکھیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۸۶۷ | ۱۶۸۷۰ | ۱۶۸۷۳ | ۱۶۸۶۰ |
| ۱۶۸۷۲ | ۱۶۸۶۱ | ۱۶۸۶۶ | ۱۶۸۷۱ |
| ۱۶۸۶۲ | ۱۶۸۷۵ | ۱۶۸۶۸ | ۱۶۸۶۵ |
| ۱۶۸۶۹ | ۱۶۸۶۴ | ۱۶۸۶۳ | ۱۶۸۷۴ |

## ہر مقصد کے لیے

ہر طرح کے جائز مقصد کے پورا ہونے کے لیے جو کوئی ذیل میں دیا ہوا نقش سورۃ مزمل کا اشراق کی نماز پڑھنے کے بعد لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کی تمام جائز حاجات جلد پوری ہوں گی۔ جہاں بھی جائے گا لوگ اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئیں گے۔ اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو تو اس نقش پاک کی برکت سے جلد رہا ہو جائے گا۔ اپنے مال اسباب میں رکھے گا تو نقصان سے محفوظ رہے گا اور ضائع نہ ہوگا۔ اپنے پاس رکھنے سے رزق میں ترقی ہو گی۔ دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا اور دوست بن جائے گا اگر چاہے تو چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو سوا چار ماشہ چاندی کی انگوٹھی پر کسی نیک شخص سے با وضو حالت میں یہ نقش مبارک کندہ کرا لے اور اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہنے۔

نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷۳۱۹ | ۱۷۳۲۳ | ۱۷۳۲۶ | ۱۷۳۱۳ |
| ۱۷۳۲۵ | ۱۷۳۱۳ | ۱۷۳۱۸ | ۱۷۳۲۴ |
| ۱۷۳۱۴ | ۱۷۳۲۸ | ۱۷۳۲۱ | ۱۷۳۱۷ |
| ۱۷۳۲۲ | ۱۷۳۱۶ | ۱۷۳۱۵ | ۱۷۳۲۷ |

## کمر درد کے لیے

اگر کسی کی کمر میں شدید درد لاحق ہو اور آرام نہ آتا ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر تین تین بار درود پاک پڑھے اور درد کے مقام پہ دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین دن تک اس عمل کے کرنے سے درد رفع ہو جائے گی۔

## سورۃ مزمل کی زکوٰۃ کا طریقہ

سورۃ مزمل کی زکوٰۃ کا طریقہ ہر طرح کی جائز حاجات کے حل کے لیے اس طرح سے ہے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں بدھ جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے۔ جبکہ بدھ کی شب نمازِ عشاء کے بعد وتر نماز پڑھنے سے پہلے ننگے سر قبلہ رُخ کھڑے ہو کر ساٹھ مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر اکیس اکیس بار درود پاک پڑھے۔ اگلے دن جمعرات کی شب پچیس مرتبہ پڑھے اور جمعہ کی شب نمازِ عشاء کے بعد تیس مرتبہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com


سورہ مزمل پڑھے۔ ہفتہ کے دن نمازِ فجر کی ادائیگی کے بعد حسبِ توفیق و منشاء شیرینی لے کر فی سبیل اللہ تقسیم کرے اس طرح سے یہ سورۂ مزمل کی زکوٰۃ ہوئی۔ زکوٰۃ کے بعد جس کام کے لیے بھی پڑھنے کی ضرورت ہو چاند کے مہینہ کے عروج میں سات دن تک سات مرتبہ اسی ترکیب سے سورۂ مزمل پڑھے۔ جیسا کہ بیان کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جس مقصد کے لیے پڑھی ہے وہ پورا ہوگا لیکن اگر حُب کے لیے پڑھ رہا ہے تو پڑھتے وقت اپنے منہ میں مصری رکھے اور مطلوب کا تصور کرے دشمن کی تباہی و بربادی کی غرض سے اگر پڑھے تو چاند کے مہینہ کے عروج کی بجائے نزولِ ماہ میں پڑھے اور پڑھتے وقت سیاہ مرچ یا نیم کا پتہ اپنے منہ میں رکھے۔ اگر کوئی زکوٰۃ کے بعد ہر نماز کے بعد دو مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کی برکت سے اسے بہت فائدہ ہوگا۔

## اولادِ نرینہ کے لیے

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر تھوڑی سی شیرینی پر دم کرے اور عورت کو کھلائے۔ گیارہ روز تک بلا ناغہ اسی طرح کرے۔ رات کو عورت اپنے خاوند سے ہم بستر ہو بفضلِ باری تعالیٰ حاملہ ہو گی اور اللہ تعالیٰ اولادِ نرینہ سے نوازے گا۔

٭ ٭ ٭

٭ ٭

## دشمن کے شر سے محفوظ رہے

ایسا دشمن جو نقصان پہنچانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتا ہو تو چاہیے کہ دوشنبہ کے دن باوضو حالت میں سات مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دشمن کی طرف پھونک مار دے دشمن نقصان پہنچانے پر قادر نہ ہو سکے گا اور برائی سے باز رہے گا۔

## بے شمار فوائد کا حصول

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی تمام مشکلات خود بخود حل ہوتی جائیں اس کی زندگی سکون سے گزرے تو وہ ہر روز بلا ناغہ نماز فجر کے بعد اس طرح سے ایک سو مرتبہ سورہ مزمل پڑھنے کا معمول بنا لے کہ اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور پڑھنے کے دوران کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے۔ اگر پڑھنے کے دوران بات کرنا بہت ہی ضروری ہو تو تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر مختصر بات کرے اور پھر تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر سورہ مزمل کی تعداد پوری کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی مداومت کرنے سے چالیس یوم کے بعد عجیب وغریب اسرار منکشف ہوں گے۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس عمل کے دوران کبھی ناغہ نہ کرے۔ اس عمل کی برکت سے عامل کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے عامل کے تمام دشمن مغلوب ہوں گے اور کسی قسم کا نقصان اسے نہ پہنچا سکیں گے۔ سورۃ مزمل۔

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کا ورد کی مداومت کرنے والے کو خود ہی معلوم ہو جائے گا کہ اسے کیا فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔

## غیب سے روزی ملے

اگر کوئی یہ چاہے کہ غیب سے اس کی روزی خود بخود اس کے پاس پہنچ جایا کرے تو اسے چاہیے کہ وہ نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ یہ عمل اس طرح سے کرے کہ سورہ مزمل کے تین چلے پورے کرے۔ یعنی اس مقصد کے لیے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کرے جو پاک و صاف ہو، محفوظ ہو اور کسی کی آمد و رفت وہاں نہ ہو۔ تنہائی میں یہ عمل کرے اور چاند کے جس مہینہ کی یکم تاریخ اتوار کے دن ہو اس دن سے ترک جلالی و جمالی کے ساتھ اس عمل کا آغاز کرے۔ ہر چلہ بائیس دن کا ہوگا اگر تینوں چلے یکے بعد دیگرے مسلسل پورے کرے تو بہت بہتر ہے ورنہ ایک چلہ کے مابین چند دن کا فاصلہ دے کر اگلا چلہ شروع کرے۔ چلہ کرتے ہوئے اس بات کا خاص طور پر خیال رکھے کہ کوئی بھی نماز قضا نہ کرے اور دوسرے یہ کہ چلہ کے دوران اگر کوئی شخص چاہے وہ کتنا ہی عزیز دوست یا بھائی ہی کیوں نہ ہو اگر کچھ پیش کرے تو ہرگز اس سے قبول نہ کرے۔ اگر قبول کرے گا تو عمل ٹوٹ جائے گا۔ اس لیے کہ اس عمل کے موکلات مختلف شکلوں میں سامنے آکر دھوکہ دیتے ہیں چاہیے کہ ان کے فریب میں ہرگز نہ آئے۔ اس عمل کی تیسری شرط یہ ہے کہ عمل کے دوران اگر کوئی شیر کی شکل میں سامنے آئے تو اس سے بھی خوفزدہ نہ ہو

Qureshi

اور اگر وہ منہ کھولے تو اس کے منہ میں ڈالنے کے لیے پہلے ہی اپنے پاس جو چیز رکھ چھوڑے اور جب اس کا منہ کھلے تو اس کے منہ میں ڈال دے چاہے وہ چیز کھانے کی ہو یا روپیہ پیسہ ہو۔ لازم ہے کہ اس کے منہ کھولنے پر کوئی نہ کوئی چیز ضرور ڈالے۔ اس کے علاوہ مزید جو بھی احتیاطیں اور لوازمات ضروری ہوتے ہیں چلے کے دوران ان کا بھی خاص طور پر خیال رکھے اور سختی سے ان پر کاربند رہے۔

چونکہ یہ عمل سورہ مزمل کا یا موکل عمل ہے اس لیے اگر معمولی سی بھی بے احتیاطی کرے گا یا حاضر دماغی سے کام نہ لے گا تو نقصان ہونے کا خدشہ ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عمل سے قبل پاکیزہ حالت میں غسل کیا ہوا ہو اور صاف ستھرے کپڑے کو احرام کی طرح پہن کر خوشبو لگا کر پاکیزہ جگہ پر بیٹھے احرام باندھنے کے بعد بخور خوشبو روشن کرے۔ مصلے پر بیٹھ کر عمل کا آغاز کرے پہلے روز ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے دوسرے روز دو مرتبہ پڑھے اسی طرح ہر روز ایک بار بڑھاتا جائے۔ حتیٰ کہ گیارہویں دن گیارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر جب بارہواں روز ہو تو اس روز سے ایک ایک کم کرنا شروع کرے یعنی بارہویں دن دس مرتبہ، تیرہویں دن نو مرتبہ، چودھویں دن آٹھ مرتبہ پڑھے۔ یہاں تک کہ بائیسویں روز ایک بار پڑھے۔ اس طرح یہ ایک چلہ تمام ہوا۔ اس کے بعد اسی طرح تین چلے مکمل کرے۔ یاد رکھے کہ جب سورۃ مزمل پڑھنے کا عمل شروع کرے۔ صرف اسی وقت ہی احرام باندھے۔ اس کے بعد اتار کر محفوظ کرلے اور دوسرا لباس زیب تن کرلے۔ تینوں چلے پورے

www.iqbalkalmati.blogspot.com


کرنے کے بعد ہر روز ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھنے پر ملاومت رکھے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے لیے غیب سے روزی مہیا ہو گی۔ روزی کی فکر و پریشانی سے ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی۔ سورۃ مزمل مع مؤکلات پڑھتے ہوئے عمل کے دوران اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک بھی پڑھے۔ سورۃ مزمل معہ مؤکلات یہ ہے :۔

یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ شَمُوْ طَتَتَا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ
قَلِیْلًا یَا اَللّٰہُ اَوْ زِدْ عَلَیْهِ بِحَقِّ لَہٗ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ مَعْدُوْسَنْ
سات بار اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ط اِنَّا سَنُلْقِیْ
یَا وَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ خَمُوْنَا ۔ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ط اِنَّ نَاشِئَةَ
الَّیْلِ یا توماثیل بحق صلحونا اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا
یا تنکفیل بحق سخرۃ اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا
یا رفتمائیل بحق نجرکو وَ اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا
رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ یا اموا کیل بحق طہتفتونا لَاۤ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا یا ھیجمائیل یا ھیجمائیل یا ھیجمائیل
بحق کف کف دس فش خشد اوَ اصْبِرْ عَلٰى مَا یَقُوْلُوْنَ
وَ اهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا ط یا جبرئیل بحق نستطیع
وَ ذَرْنِیْ وَ الْمُكَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَةِ وَ مَهِّلْهُمْ قَلِیْلًا ۹
اِنَّ لَدَیْنَاۤ یا سی دھائیل بحق یا داہ اَنْكَالًا وَّ جَحِیْمًا وَّ

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ط يا جبرئيل بحق الخشفف
يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ط
اِنَّا اَرْسَلْنَا اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا اَرْسَلْنَا
اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ
اَخْذًا وَّبِيْلًا - يا كلكائيل بحق منتظر فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ ه
اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ن السَّمَآءُ
مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا يا حولائيل بحق دينوني
اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا يا روميائيل
بحق عصاجو اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ
الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ
يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ
فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ
مَّرْضٰى فلا تخيبني ياذوالفضل العظيم يا من قدر الليل
والنهار قضاحاجتي فانك قادر علينا وانت على كل شيء
قدير ط يا عزرائيل بحق لاتوغنني وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ
فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ
فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (صلى الله عليه وسلم) فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ
مِنْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا
حَسَنًا وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ

Oureshi

هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

# خواب بندی کے لیے

خواب بندی کے لیے باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر سورۃ مزمل لکھے اور اس کے نیچے اسی مضمون کی عبارت بھی تحریر کرے اور یہ پرچہ رات کو تکیے کے نیچے رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس مقصد کے لیے عمل کیا ہے اس میں کامیابی ہو گی۔

# دشمن کو بیمار کرنا

اگر کوئی ظالم دشمن کے ہاتھوں سخت تنگ ہو، ظالم کسی بھی طرح نقصان پہنچانے سے باز نہ آتا ہو اور نہ ہی صلح پر آمادہ ہوتا ہو تو اس کو بیمار کرنے کی غرض سے تاکہ وہ اپنی ہی پریشانی میں پڑا رہے۔ ایک سفید کاغذ پر چار خط کھینچے اور ان کے درمیان سورۃ مزمل لکھے۔ لکھنے کے بعد نیچے دشمن اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر کاغذ کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دے۔ چند دنوں میں ہی دشمن بیمار ہو جائے گا اور اس کی بیماری کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلے گا کہ اس کو کیا بیماری ہے۔ جب تک قبر سے وہ کاغذ باہر نہ نکالا جائے گا دشمن بیمار ہی رہے گا۔

❋ ❋ ❋

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Oureshi

# پریوں کا بادشاہ حاضر کرنا

اس مقصد کے لیے جمعرات کو غسل کر کے پاک وصاف لباس پہنے ، خوشبو لگا کر کسی باغ میں جائے اور ایک کونے میں جہاں یہ کہ بالکل تنہائی ہو بیٹھے باوضو حالت میں اول و آخر ایک ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے ۔ درمیان میں ایک سو ساٹھ مرتبہ سورۂ مزمل اور سات مرتبہ سورۂ جن پڑھے اور اپنے مقصد کا تصور دل میں لائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ پریوں کا بادشاہ معہ اپنے لشکر کے حاضر ہو گا ۔ اس وقت جو کچھ بھی اس کو حکم کرے گا وہ تعمیل کرے گا اور جو کچھ اس سے پوچھے گا وہ ٹھیک جواب دے گا ۔ اگر کسی دشمن یا کسی اور شخص کو جو دور ہے اس کو بلانا مقصود ہے تو کہے کہ فلاں بن فلاں کو حاضر کر۔ چنانچہ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسی وقت اس کو حاضر کر دے گا ۔

# جسمانی درد

جسم میں کسی بھی جگہ درد ہونے کی صورت میں دوسرا شخص باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد میں فوری طور پر افاقہ ہو گا ۔

# بچہ زندہ رہے

اگر کسی کا بچہ چھوٹی عمر میں ہی فوت ہو جاتا ہو تو چاہیے ایک چھالیہ لے کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس پر اکیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے اور چھالیہ کو کسی کپڑے کی پٹی میں باندھ کر تعویذ کی طرح نوزائیدہ بچے کے گلے میں ڈالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ طویل عمر پائے گا۔

## ظالم افسر سے نجات

اگر کسی مقام پر کوئی ایسا ظالم افسر تعینات ہوگیا ہو جس کے ظلم سے کوئی بھی محفوظ نہ ہو اور وہ ظالم ہر ایک پر پنجہ آزمائی کرتا ہو۔ اس ظالم کے خلاف کوئی بھی شخص بات کرنے سے ڈرتا ہو کہ کہیں وہ نقصان نہ پہنچا دے تو چاہیے کہ نمازِ جمعہ کے بعد سورہ مزمل کو انیس مرتبہ بلا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے پڑھے اور سرسوں کے دانہ پر دم کر کے آگ میں ڈالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ظالم ہلاک ہو جائے گا۔

## وُسعتِ رزق کے لیے

رزق حلال میں خیر و برکت کے لیے چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے۔ نمازِ مغرب کی ادائگی کے بعد سورۂ مزمل اکتالیس مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے پھر جب نمازِ عشاء ادا کر لے تو خاموشی سے اُٹھے اور باوضو حالت میں بغیر کسی سے کوئی بات چیت کیے اپنے بستر پہ لیٹ جائے اور سو جائے۔ نمازِ فجر کے

Oureshi

وقت جب اٹھے تو وضو وغیرہ کرنے کے بعد ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور پڑھنے تک کسی سے کلام نہ کرے۔ اس کے بعد اپنے کاروبار میں مشغول ہو جائے۔ چالیس یوم تک بلا ناغہ اسی طرح کرے۔ چالیس یوم کے بعد ہر روز سات مرتبہ سورۃ مزمل پڑھنے پر مداومت کرے اور کبھی ناغہ نہ کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کبھی رزق میں کمی نہ ہو گی۔

# قضائے حاجت کے لیے

کسی بھی جائز حاجت کو پورا کروانے کی غرض سے جمعہ کی شب نصف رات کے وقت اٹھے اور غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہن کر خوشبو لگائے قرآنِ مجید اپنے ہاتھ میں پکڑ کر کسی ولی اللہ کے سامنے کھڑا ہو کر اکیس مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اپنی حاجت کے لیے بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے۔ سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اس عمل کی برکت سے جو بھی جائز حاجت ہو گی بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد پوری ہو گی۔

# مشکل کے لیے

اگر کوئی ایسی مشکل میں گرفتار ہو گیا ہو کہ وہ مشکل کسی بھی طرح حل نہ ہوتی ہو اور اس وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ نصف شب کو بیدار ہو کر وضو کرے پاک و صاف کپڑے پہنے پھر دو رکعت نماز

تحیۃ الوضو پڑھے۔ اس کے بعد اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور اکتالیس مرتبہ نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ سورۂ مزمل پڑھے اور پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد خلوص دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی مشکل کے حل کے لیے دعا مانگے، بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد اس کی مشکل آسان ہو جائے گی۔

## حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت

جو کوئی اس بات کی خواہش رکھے کہ خواب میں حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو جائے تو وہ پاکیزہ حالت و پاکیزہ لباس میں پنجشنبہ کی شب نمازِ عشاء کے بعد کپڑوں پر خوشبو لگائے اور صاف ستھرے بستر پر بیٹھ کر اڑھائی سو مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر ایک ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے اور اس پڑھنے کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں تحفتہً ہدیتہً پیش کرے اور پھر اسی بستر پر لیٹ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی رات خواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہوگا اگر اس رات نہ ہو تو چند شب تک روزانہ اسی طرح عمل کرے عمل کے دوران اور بعد میں کسی سے کلام کیے بغیر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی اور خواب میں حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت ہو جائے گی۔

٭٭٭

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## زیادتی علم کے لیے

علم میں اضافہ کے لیے نمازِ فجر یا نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور شیرینی پر دم کر کے کھالے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے جس قدر چاہے گا علم سے نوازے گا۔

## ارواحِ اولیاء کیلیے

جس بزرگ سے روحانی امداد کا طلب گار ہو اس کے تصور کے ساتھ اس طرح سے عمل کرے کہ اوّل وآخر ایک ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں تین سو ساٹھ مرتبہ سُورۃ مزمل پڑھے۔ نمازِ عشاء کے بعد ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک اس بزرگ کا کامل تصور قائم رکھتے ہوئے عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## گناہوں سے چھٹکارا

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے دل میں برائیوں سے نفرت پیدا ہو جائے اور اس کا قلب نیکی کے کاموں کی طرف مائل ہو جائے تو وہ ہر جمعرات کو نمازِ عصر کے بعد اکیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ برائیوں کے چنگل سے آزاد ہو جائے گا اللہ تعالیٰ اسے نیکی کی توفیق عطا فرمائے گا اور اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


نازل فرمائے گا۔

## بے اولاد عورت کے لیے

اگر کوئی بے اولاد عورت اولاد کی خواہش رکھتی ہو تو چاہیے کہ ایک کلوگرام سیاہ تل صاف کر کے باوضو حالت میں ان پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین اس طرح سے دم کرے کہ اول و آخر ایک ایک سو بار درود پاک پڑھے، عورت کو یہ دم کیے ہوئے تل دے۔ پھر جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے تو اس سے اگلے دن روزہ رکھے اور افطاری سے پہلے گائے کے خالص دودھ پر اکیس مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھ کر دم کرے کہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درودِ پاک پڑھے۔ اس دم کیے ہوئے دودھ سے عورت روزہ افطار کرے اور رات کے وقت اپنے شوہر سے ہم بستر ہو۔ بفضل باری تعالیٰ عورت کو حمل قرار پا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز کرے گا۔

## دشمن کا گھر ویران کرنا

ایسا دشمن جس نے اپنے ظلم سے کئی گھروں میں ویرانیاں پیدا کر دی ہوں اس کے گھر میں ویرانی ڈالنے کے لیے کسی پرانی قبر سے مٹی لے کر اس پر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے اور وہ مٹی دشمن کے گھر میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے گھر میں ویرانی پھیل جائے گی۔

❖ ❖ ❖

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# کشائش رزق کے لیے

جو کوئی اپنے رزقِ حلال میں وسعت کا خواہاں ہو وہ ہر روز نمازِ عشاء کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھنے کا معمول بنا لے کہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ سورۂ مزمل پڑھتے ہوئے ہر بار جب لفظ وکیلا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھ کر سورۂ مزمل پوری کرے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں بہت برکت پیدا ہو گی۔

# فتوحاتِ کثیرہ کے لیے

اس مقصد کے لیے چاند کے مہینوں میں سے اس مہینہ میں اس عمل کو شروع کرے کہ جس کی یکم تاریخ جمعرات کو ہو۔ چاند دیکھنے کے بعد اگلے دن روزہ رکھے اور دودھ چاول سے افطار کرے اور کوئی دوسری چیز نہ کھائے۔ نمازِ عشاء کے بعد وتر پڑھنے سے پہلے غسل کر کے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سُورۂ الم نشرح گیارہ مرتبہ پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد اس دو رکعت نماز کا ثواب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روح پاک کو پہنچائے۔ پھر چار زانو ہو کر اس طرح سے بیٹھے کہ بالکل پہلو نہ بدلے۔ ایک ہی جگہ پہ ایک ہی بیٹھک سے اکتالیس مرتبہ سُورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ

Qureshi

مرتبہ درودِ پاک اور کلمہ تمجید پڑھے۔ اس کے بعد وتر اور نوافل ادا کرے اور اسی جگہ پر قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے۔ اور صبح نمازِ فجر کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ نماز ظہر، عصر اور مغرب کے بعد دو دو مرتبہ پڑھے جبکہ نمازِ عشاء کے بعد تین بار پڑھے۔ پھر جب اگلے مہینے کی یکم تاریخ آئے تو اسی طرح عمل کرے۔ ایک سال تک ہر ماہ یہ عمل کرے اس کے بعد بفضلِ باری تعالیٰ جو مقصد ہے وہ پورا ہو گا۔

## حاجت روائی کے لیے

اپنی حاجت روائی کی غرض سے نمازِ عشاء کے بعد اپنے تمام کاموں سے فارغ ہو کر کسی ایسی جگہ پر یہ عمل شروع کرے کہ جو بالکل محفوظ ہو اور اس جگہ کسی کی مداخلت کا اندیشہ نہ ہو۔ چاند کے مہینہ کے عروج میں جمعہ کی رات سے اس عمل کا آغاز کرے عمل سے پہلے غسل کرے۔ ایک سفید کپڑے کا احرام باندھ کر مصلے پر کھڑے ہو کر دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز مکمل کرنے کے بعد اس کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمتِ اقدس میں پیش کرے پھر قبلہ رُو ہو کر دو زانو بیٹھے اور ننگے سر ہو کر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر اکیس اکیس بار درود پاک پڑھے اس کے بعد اپنی حاجت کی دعا کرے نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ دعا مانگے اور اسی جگہ پر سو جائے۔ اسی طرح ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک یہ

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



عمل کرے۔ چالیس دن کے اندر اندر انشاء اللہ تعالیٰ حاجت روائی ہو جائیگی

## اولاد ہو گی یا نہیں

اگر کسی بے اولاد عورت کے بارے میں یہ معلوم کرنا ہو کہ اس کے ہاں اولاد ہو گی یا نہیں تو با وضو حالت میں سات مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دودھ پر دم کرے۔ یہ اس وقت کرے جب عورت حیض سے پاک ہو اور غسل کے بعد روزہ رکھے۔ عورت اس دودھ سے روزہ افطار کرے۔ اگر تو عورت کو دودھ ہضم ہو گیا تو پھر اپنا علاج کرے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو گی۔ اگر عورت کو دودھ ہضم نہ ہو تو اس کے ہاں اولاد نہ ہو گی۔

## نماز کی محبت پیدا کرنا

جو کوئی نماز پڑھنے میں سستی سے کام لیتا ہو اور وقت پر نماز ادا کرنے کی عادت نہ ہو اور چاہتا ہو کہ اس معاملے میں کاہلی دور ہو جائے تو وہ ہر روز تین مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے کہ اول و آخر تین، تین بار درود پاک پڑھے۔ ہر روز نمازِ عشاء یا نماز فجر کے بعد اس عمل کے کر لے سے اللہ تعالیٰ اس کی کاہلی کو دور کر دے گا۔

## نماز برائے زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہونے کے لیے

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


خلوصِ دل سے برائیوں سے توبہ کرے اور جمعہ کی رات کو غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہنے، خوشبو لگائے، نمازِ عشاء کی ادائیگی کے بعد بارہ رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سُورۃ مزمل پڑھے۔ نماز پڑھنے کے بعد ایک ہزار بار درود پاک پڑھے اور جائے نماز پر ہی یا پاک صاف بستر پہ قبلہ رو منہ کر کے سو جائے۔ چند دنوں تک روزانہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کا شرف حاصل ہو گا۔

## جوڑوں کا درد

جوڑوں کے درد کو دُور کرنے کی غرض سے روغنِ زیتون پر اکتالیس مرتبہ اس طرح سورہ مزمل پڑھے کہ اول و آخر اکتالیس اکتالیس بار درود پاک پڑھے۔ روغن زیتون پر دم کر کے مریض کو دے کہ وہ درد کی جگہ پر ہر روز مالش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہو گا۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## دشمن کی بربادی

ظالم دشمن کی بربادی کی غرض سے اکیس یوم تک بلا ناغہ قبرستان میں جا کر دو پرانی قبروں کے مابین بیٹھے دشمن کی تباہی کا تصور کرتے ہوئے ستر مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ ہر بار پڑھتے ہوئے جب لفظ

Oureshi

ترتیلا پر پہنچے تو اپنا ہاتھ تین مرتبہ زمین پر مارے اور جب عَذَابًا اَلِیۡمًا پر پہنچے تو دشمن کی تباہی کی دعا کرے اور سورہ مزمل پوری کرے انشاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## مطلوب کو حاضر کرنا

اس مقصد کے لیے سب سے پہلے سورۂ مزمل کی زکوٰۃ ادا کرے اس کے بعد کسی ایسی جگہ کا انتخاب کرے کہ جہاں پر سورۂ مزمل پڑھتے ہوئے کتے کی آواز نہ آئے۔ تین باریک لکڑیاں لے کر آئے جن میں سے ایک لکڑی میٹھے شہتوت کی ہو، دوسری لکڑی انجیر کی ہو اور تیسری لکڑی میٹھے انار کے درخت کی ہو۔ ان تینوں لکڑیوں کو ملا کر اس طرح سے باندھے کہ ایک تپائی سی بن جائے پھر مٹی کا ایک چراغ سیاہ کر کے اس تپائی پر رکھ دے اور اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر مطلوب کے پہنے ہوئے کسی بھی کپڑے کی بتی بنا کر اس میں ڈال دے اور چراغ کو روشن کرے۔ چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کر کے اپنے ہاتھ میں لوہے کی ایک سوئی باریک پکڑ لے جبکہ اکتالیس عدد سیاہ مرچیں اپنے پاس رکھے اور چراغ کے بالکل روبرو بیٹھ جائے۔ باوضو حالت میں سوئی کے ساتھ ایک عدد سیاہ مرچ میں سوراخ کرے اور مطلوب کا تصور ذہن میں لا کر ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر اس مرچ پر دم کرے اس مرچ کو چراغ کی لو میں رکھ کر جلا دے۔ اسی طرح ہر سیاہ مرچ پر سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرتا جائے اور ان کو جلاتا جائے

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


تین دن تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ اس دوران کسی سے کوئی کلام نہ کرے نہایت توجہ اور یکسوئی سے عمل مکمل کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تین دن کے اندر اندر مطلوب ضرور حاضر ہو جائے گا۔

## جنّات کو تابع کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ جنات کا بادشاہ اس کے تابع ہو جائے تو وہ ہر روز بلاناغہ چالیس یوم تک جمعہ کی شب آدھی رات کو سورۃ مزمل کی یہ آیت مبارکہ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا نِّصْفَهُ أَوِ انقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا ہ

غسل کرنے کے بعد پڑھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ جنات کا بادشاہ حاضر ہو جائے گا اور عامل کے تابع فرمان ہو گا وہ جو کہے گا بادشاہ اس کو پورا کرے گا۔

## ظاہری و باطنی فتوحات

ذیل میں دیا ہوا عمل بے شمار فوائد کا حامل ہے اس کا عامل بہت ہی فائدے میں رہتا ہے۔ ہر معاملے میں کامیابی سے ہم کنار ہوتا ہے۔ اس عمل کو کرنے والے کے لیے خاص طور پہ یہ ہدایت ہے کہ اگر وہ مؤکلوں سے ڈرتا ہے تو ہرگز یہ عمل نہ کرے۔ کیونکہ اس عمل کے دوران مؤکلوں کی جانب سے

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بہت سے اشارے ہوتے ہیں اور ثابت قدمی اور مضبوط دل کے ساتھ عمل کو مکمل کیا جاتا ہے۔ اس عمل کے تین چلے ہیں۔ چلوں کے دوران ترک حیوانات کا لحاظ کرنا بہت ہی ضروری ہے۔ چلوں کے اختتام پر بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوتی ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ با وضو حالت میں سب سے پہلے قبلہ رُخ بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر ایک سو اکیس مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بِعَدَدِ الْمُزَمِّلِ وَالْخَصَائِصِ بَعْدَهٗ یہ پڑھے یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا یَا حَنَّانُ۔ اس کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور پھر ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَنِیْ خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِیْفَةِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ اس کے بعد آخر میں پھر پہلے جو درود پاک پڑھا تھا ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے۔ اس طرح یہ عمل مکمل ہو جائے گا۔ ایک چلہ تک روزانہ بلاناغہ اسی طرح عمل کرے پھر جب دوسرا چلہ شروع کرے تو اس میں سورہ مزمل صرف اکیاسی مرتبہ پڑھے اور باقی اوراد اسی تعداد کے مطابق پڑھے۔ جبکہ تیسرے چلے میں سورۃ مزمل اکتالیس مرتبہ پڑھے جب تینوں چلے مکمل ہو جائیں تو پھر ہر روز بلاناغہ سات یا گیارہ مرتبہ جس قدر بھی پڑھ سکتا ہے پڑھنے پر مداومت کرے ان شاء اللہ تعالیٰ جس مقصد کے لیے عمل کیا ہے اس میں ضرور کامیابی ہو گی۔

٭ ٭ ٭

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## جلد شفاء کیلیے

اگر کوئی ذیل میں دیا ہوا نقش سُورہ مزمل باوضو حالت میں لکھ کر تعویذ کی طرح مریض کے گلے میں ڈال دے تو انشاءاللہ تعالیٰ مریض بہت جلد شفا یاب ہو جائے گا۔ نقشِ پاک یہ ہے :۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۸۲۳ | ۲۲۸۱۸ | ۲۲۸۲۵ |
| ۲۲۸۲۴ | ۲۲۸۲۲ | ۲۲۸۲۰ |
| ۲۲۸۱۹ | ۲۲۸۲۶ | ۲۲۸۲۱ |

## خواب میں کوئی جگہ دیکھنا

جو کوئی خواب میں کوئی جگہ یا کسی شہر کو دیکھنا چاہتا ہو تو وہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں پاک صاف بستر پر بیٹھ کر سورۂ مزمل ننانوے مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر قبلہ رخ منہ کر کے سو جائے اور جس جگہ یا شہر کا دیکھنا مقصود ہو اس کا تصوّر رکھ کر سوئے تو انشاءاللہ تعالیٰ خواب میں اسے وہ جگہ یا شہر دکھائی دے گا۔

## سحر زدہ کے لیے

اگر کسی پر جادو کر دیا گیا ہو تو ہر روز باوضو حالت میں سات مرتبہ سُورۂ مزمل

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


پڑھ کر پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے چند دنوں میں ہی جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔ اور اسے صحت ہوگی۔

## خزانہ کی جگہ معلوم کرنا

اگر کوئی کسی دفینہ کے بارے میں معلوم کرنے کا خواہاں ہو تو اسے چاہیے کہ ہر روز نمازِ عشاء کے بعد باوضو حالت میں چالیس مرتبہ سُورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پچاس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ اس کے پاس چار اشخاص سیاہ پوش آئیں گے السلام وعلیکم کرنے کے بعد کہیں گے کہ اے بنی آدم! تم کیا چاہتے ہو۔ ان کو اسی وقت کہے کہ فلاں علاقہ میں دفینہ ہے مجھے بخشو اور جہاں پر ہے اس مقام کی درست نشاندہی کر دو۔ پھر جب وہ دفینہ کے بارے میں بتا کر غائب ہو جائیں تو عامل اس جگہ کو خوب اچھی طرح یاد رکھے اور بھول نہ جائے پھر حسبِ توفیق شیرینی لے کر غرباء و مساکین میں تقسیم کرے اور دفینہ کی جگہ کو کھود دے۔ بفضلِ باری تعالیٰ اسے خزانہ ملے گا۔

## جن کو مسخر کرنا

جس جن کو مسخر کرنا مقصود ہو اس کے لیے ہر روز بلاناغہ چالیس یوم تک سُورۂ مزمل ایک سو مرتبہ اس طرح سے پڑھیں کہ اول و آخر اکیس اکیس بار درود پاک پڑھیں۔ پڑھتے وقت جن کا مکمل تصوّر رکھیں کہ جس کو مسخر کرنا ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



انشاءاللہ تعالیٰ جن مسخر ہو جائے گا۔

# غیب سے فتوحات حاصل کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے غیب سے فتوحات حاصل ہوں ہر مشکل اس کی آسان ہو جائے تو وہ چاند کے مہینہ کے عروج میں جمعہ کی شب ایک بجے نصف رات کے وقت اٹھ کر وضو کرے اور دو رکعت نفل نماز تحیۃ الوضو پڑھ کر اس کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں ہدیہ کرنے کے بعد اکیس مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ کَفَا یَتُنَا پڑھے اور پھر اکیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا پڑھے پھر ذیل میں دیا ہوا نقش چاک سے ایک سلیٹ پر لکھے نقش یہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸ | ۲۳ | ۲۴ |
| ۲۱ | ۲۵ | ۲۹ |
| ۲۶ | ۲۷ | ۲۲ |

اس نقش کو لکھنے کے بعد مٹائے اور پھر دوسرا نقش لکھے۔ اسی طرح اکیس نقش لکھ کر مٹائے۔ ہر روز بلا ناغہ اکیس یوم تک یہ عمل کرے۔ بائیسویں دن اس نقش کو ایک سفید کاغذ پر اکیس عدد لکھے۔ بیس نقش کی آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنائے اور دریا میں ڈال دے جبکہ ایک نقش اپنے پاس محفوظ رکھے جب تک وہ نقش پاس رہے گا۔ بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# قیدی کی رہائی

اگر کوئی بے گناہ قید میں ڈال دیا گیا ہو تو باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے سورۃ مزمل لکھیں اور تعویذ کی طرح قیدی کے بازو پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قیدی کی رہائی عمل میں آجائے گی۔

# دشمن سے بچاؤ کیلیے

اگر کسی کو دشمن کے سامنے جانا ضروری ہو اور خدشہ ہو کہ دشمن اسے کوئی نقصان نہ پہنچائے تو اسے چاہیے کہ وہ دشمن کے سامنے جانے سے پہلے ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور دشمن کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جرأت نہیں کریگا۔

# رزق میں اضافہ کے لیے

جو کوئی اپنے رزقِ حلال میں اضافے کا خواہاں ہو وہ ہر روز نمازِ فجر کی سنت نماز کے بعد فرض سے پہلے یا نمازِ فجر کے بعد گیارہ سو مرتبہ یَا مُغْنِیُ پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ جبکہ نمازِ ظہر، عصر اور مغرب اور عشاء کے بعد صرف دو دو مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب کشائش ہوگی۔

❁ ❁ ❁ ❁

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# حاجت کیلئے

اگر کوئی کسی کو ایسی حاجت درپیش ہو جو کسی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو چاند کے مہینہ کے عروج میں کسی بھی دن ترک حیوانات کے ساتھ اس عمل کو شروع کرے ۔ یہ عمل نمازِ ظہر یا نمازِ عشاء کی سنت و فرض کے درمیان کرے ۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو ترک حیوانات کر کے پڑھتا رہے اور پھر جب حاجت پوری ہو جائے تو عمل نہ کرے ۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے دس مرتبہ درود پاک پڑھے ۔ اس کے بعد دس مرتبہ یاجمیل پڑھے پھر تیس مرتبہ یہ پڑھے ۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ایک بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ایک بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَمْلٍ وَالْحَصٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْکَافِرِیْنَ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمَطَرِ وَجَمِیْعِ الْاَشْیَآءِ پڑھ کر سورہ شریف مع بسم اللہ کے شروع کرے اور شروع سے فلیکو تک تکرار کرے جب وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ پر پہنچے تین بار تکرار کر کے اپنی حاجت کا نام لے جب وَطَعَامًا ذَا غُصَّۃٍ وَّعَذَابًا اَلِیْمًا پر پہنچے اس کو بھی تین بار کر کے ایک بار اپنی حاجت طلب کرے جب وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ پر پہنچے تین بار تکرار کر کے ایک بار اپنی حاجت طلب کر کے ایک بار یہ کلمات کہے فلو تخبتنی

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


ذوالفضل العظیم ۵ یا من یقدر اللیل والنھار قادلی بقضاء حاجتی فانک قادر وانک علی کل شیئ قدیر اپنی حاجت کا دل میں خیال کرے جب یبتغون من فضل اللہ پر پہنچے تین بار تکرار کرے اور اپنی حاجت طلب کرے کیونکہ موقع اجابت ہے جب کلمہ واستغفروا اللہ پر پہنچے تو اس کو تین بار کہہ کر سورہ ختم کرے اور اپنی حاجت طلب کر کے ایک بار یہ دعا پڑھے اللھم انی اسئلک بحق ھذہ السورۃ الشریفۃ الکریمۃ یا طھوج یا عتیج یا ثنا شادیب و بحق کھیعص و بحق حمعسق و بحق نبوۃ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی سمیتہ یا ایھا المزمل و یا ایھا المدثر ترمتی یا عطو بردا لطفک من شیون انھا عین ادمۃ من اعدائی برحمتک یا ارحم الراحمین اسی طرح ہر روز گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔

# دشمن کو تباہ کرنا

ظالم دشمن کی تباہی کی غرض سے اتوار کے دن نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل کی یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

انا سنلقی علیک قولا ثقیلا

اس کے بعد ایک سفید کاغذ پر دشمن اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور کسی پرانی قبر میں دفن کر دے۔ چند دنوں میں ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو جائے گی۔

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## زنِ عقیمہ کے لیے

اگر کوئی عورت اولاد کی نعمت سے محروم ہو تو چاند کے مہینہ کے پہلے روز سے سات یوم تک بلاناغہ سورہ مزمل کی یہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں لکھے اور پانی میں گھول کر عورت کو پلائے۔ بفضلِ باری تعالیٰ عورت حاملہ ہوگی اور اس کے ہاں بچہ کی پیدائش ہوگی۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِيْلاً

## آسیب کے لیے

اگر کسی بچے پر آسیب کا سایہ ہو تو باوضو حالت میں اکتیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر ماش کے اوپر دم کرے اور ماش کو آگ میں ڈال دے۔ آسیب حاضر ہو کر بات کرے گا اور پھر بچے کو تکلیف دینا چھوڑ دے گا اور چلا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچہ کو اس سے خلاصی مل جائیگی۔

## میاں بیوی میں محبّت

جو میاں بیوی آپس میں جھگڑتے رہتے ہوں تو جمعہ کے دن باوضو حالت میں سات مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور دونوں کو کھلا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دونوں کے مابین ناچاقی کی فضا ختم ہو جائے گی اور آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

Qureshi

## ڈائن کی نظرِ بد

جو کوئی کسی ڈائن کی نظرِ بد کا شکار ہونے کے باعث بیمار ہو گیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ ایک چھری لے کر اس پر سورۃ مزمل اس طرح سے اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے کہ اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس چھری کو مریض کے سایہ میں گاڑ دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض ٹھیک ہو جائے گا اور نظرِ بد ٹھیک ہو جائے گی۔

## مسان دُور کرنا

مسان دُور کرنے کی غرض سے کچے ریشم کے سات تار لے کر ان کو یکجا کر کے ایک دھاگہ کی طرح بنائیں اور اس پر گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کریں اور گیارہ گرہ لگائیں یعنی ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک گرہ لگاتے جائیں۔ اس دھاگہ کو عورت اپنی کمر میں باندھے اور وضع حمل کے وقت کھول کر اپنے سے الگ کر دے۔

## دشمن کی بربادی

جو کوئی دشمن کے ہاتھوں بہت زیادہ تنگ آ گیا ہو اور دشمن تنگ کرنے سے باز نہ آتا ہو تو عید الاضحیٰ کے دن اکیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر مٹھی بھر خاک پر دم کرے اور یہ خاک دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ

Oureshi

مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## حاکم کو مہربان کرنا

اگر کوئی یہ چاہے کہ حاکمِ وقت اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئے اور اس کا جو بھی کام ہے وہ ہو جائے تو وہ باوضو حالت میں دو مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھ کر دم کرے یا کسی کریم پر دم کرے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے چہرے پر دم کر کے مل کر حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم بہت اچھا سلوک کرے گا۔

## مشکل کے لیے

کسی بھی مشکل کے حل کے لیے ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک پہلے ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک مرتبہ یہ آیتہ مبارکہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ پڑھے اسکے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور پھر ایک سو بار درود پاک پڑھ کر اپنی مشکل کے حل کے لیے بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مشکل حل ہو جائیگی۔

## پریشانی کے لیے

اگر کوئی کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو گیا ہو کہ کسی بھی طرح وہ پریشانی دُور نہ ہوتی ہو تو منگل کے دن باوضو حالت میں ستاون مرتبہ سورۃ مزمل

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پریشانی رفع ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم فرمائے گا۔

## حمل قائم رہے

اگر کسی عورت کو حمل قرار پا جاتا ہو مگر چند ہفتوں کے بعد ہی گر جاتا ہو تو چاہیے کہ دس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر شیرینی پر دم کرے اور عورت کو حمل قرار پانے سے لے کر وضع حمل تک ہر روز ایک مرتبہ کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا اور خوبصورت اولاد پیدا ہوگی۔

## جادو کا اثر

جادو کا اثر زائل کرنے کی غرض سے اتوار کے دن نمازِ فجر کے بعد عرق گلاب اور زعفران سے ایک کاغذ پر سورۂ مزمل لکھے اور پانی سے دھو کر مسحور کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

## روحانی قوّت کے لیے

اس مقصد کے لیے نمازِ عشاء کے بعد باوضو حالت میں پاکیزہ کپڑے پہن کر صاف بستر پر چیت لیٹے اور اپنی زبان تالو سے لگا کر بغیر حرکت دیے زبان کو قلب سے سات مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اسی حالت میں سو جائے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com
Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


عمل کے دوران کسی سے کوئی کلام یا اشارہ نہ کرے۔ اس عمل کی مداومت رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس پر اسرار منکشف ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اگر اس عمل کے دوران سورۃ مزمل پڑھتے ہوئے نیند کا غلبہ ہو جائے اور نیند آجائے جبکہ سات مرتبہ سورہ مزمل ابھی نہ پڑھی گئی ہو تو اس سے عمل میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ عمل پورا ہو جاتا ہے۔

## زہر کا اثر

اگر کسی کو کسی نے کوئی زہریلی چیز کھلا دی ہو تو اکتالیس مرتبہ سُورۃ مزمل پڑھ کر کسی میٹھی چیز یا پانی پر دم کرے اور اس کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ زہر کا اثر زائل ہو جائے گا۔

## تسخیرِ خلائق کے لیے

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں ایک جگہ پر قبلہ رُخ بیٹھے اور اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھنے کے ساتھ اکیس مرتبہ سُورۃ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ ہر بار جب اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا پر پہنچے تو چند لمحے سکوت کرے اور اپنے مقصد کا تصور کرے اس کے بعد سورہ مزمل مکمل کرے پھر ایک سو اٹھائیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور ایک سو اٹھائیس مرتبہ یہ اسمائے مبارکہ پڑھے یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا عَزِیْزُ انشاءاللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ چند روز تک بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھنے سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کامیابی دکھائی دینے لگتی ہے۔ چالیس یوم پورے کرے

## محبتِ الٰہی کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت خوب زیادہ ہو جائے تو وہ ہر روز نمازِ فجر سے قبل یا بعد میں سینتالیس مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھا کرے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھے آخر میں نہایت عجز و انکساری سے بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے۔ بفضلِ باری تعالیٰ قلب میں محبتِ الٰہی کی خوب زیادتی ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ خصوصی فضل و کرم سے نوازے گا۔

## قیدی کی رہائی

اگر کوئی کسی ظالم کی قید میں ہو اور خلاصی کی کوئی صورت ممکن دکھائی نہ دیتی ہو تو ہر روز نمازِ عشاء کے بعد چوالیس مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھ لیا کرے کہ اول و آخر اکیس اکیس بار درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قید سے رہائی حاصل ہو جائے گی۔

## جدائی ڈالنا

اگر دو اشخاص کسی برے کام پر متفق ہوں یا کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے اکٹھے ہو گئے ہوں تو ان دونوں کے مابین جدائی اور تفرقہ ڈالنے کے لیے

Qureshi

باوضو حالت میں پندرہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے دونوں کو کھلائے۔ پڑھتے ہوئے درمیان میں جب ایک مرتبہ سورہ پڑھ لے تو دونوں کا نام معہ ان کی والدہ کا نام لے کر کہے کہ یا اللہ ان کے درمیان جدائی ڈال۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دونوں کے مابین جدائی ہو جائے گی۔

## اولادِ نرینہ کے لیے

جو عورت اولادِ نرینہ کی نعمت سے محروم ہو تو چاہیے کہ عورت جب حیض سے پاک ہو کر غسل کرے تو دن کے وقت روزہ رکھے۔ افطاری سے قبل اکیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس سے روزہ افطار کرے۔ رات کو اپنے شوہر سے ہم بستر ہو بفضل باری تعالیٰ عورت کو حمل قرار پائے گا اور اس کے ہاں بیٹے کی ولادت ہو گی۔ اس مقصد کے لیے نہایت تیر بہدف عمل ہے۔

## استخارہ کے لیے

اگر کسی معاملہ میں استخارہ کرنا مقصود ہو تو چاہیے کہ نمازِ عشاء کے بعد آدھی رات کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور سلام کے بعد بارہ مرتبہ یہ پڑھے یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ پھر ایک سو آٹھ مرتبہ یہ پڑھے:۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یَا اَللّٰہُ یَا عَالِمُ عَالِمُ مَا فِی قَلْبِی دَمْعِیْنُ فِیْہِ اس کے بعد قبلہ رُخ چہرہ کر کے سو جائیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں تمام حال معلوم ہو جائے گا۔ سوتے وقت اس چیز کا تصور کرے جس کے بارے میں معلوم کرنا ہے۔ اگر پہلی رات معلوم نہ ہو تو اگلی رات بھی استخارہ کا عمل کرے۔ اسی طرح سات رات کے اندر ضرور معلوم ہو جائے گا۔

## میاں بیوی کا جھگڑا

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی ہو دونوں ایک دوسرے کی کوئی بھی بات برداشت نہ کرتے ہوں تو چاہیے کہ سب سے پہلے سورۃ مزمل کی زکوٰۃ پوری کرے اور پھر با وضو حالت میں تھوڑی سی شیرینی پر تین مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ ہر مرتبہ سورۃ پڑھنے کے بعد دونوں کے نام اس طرح سے لے یعنی الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں۔ دم کرنے کے بعد دونوں کو یہ میٹھی چیز کھلا دے۔ ہر جمعرات کو یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات جمعرات تک کرنے سے دونوں میاں بیوی میں خوب محبت پیدا ہو جائے گی۔

## تنگی رزق کے لیے

رزق کی تنگی دور کرنے کی غرض سے ہر روز بلا ناغہ نماز فجر کے بعد دس مرتبہ سورۃ مزمل کی یہ آیت مبارکہ اِنَّ لَکَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی رزق کی تنگی کی شکایت نہ ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمتِ کاملہ سے پڑھنے والے کے رزق میں خوب برکت پیدا فرمادے گا۔

## جملہ حاجات کے لیے

اگر کوئی سُورہ مزمل کا ذیل میں دیا ہوا نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو چشم خلائق میں مقبول ومحبوب ہو۔ بیمار ہو تو تندرست ہوجائے۔ رزق میں خیر وبرکت پیدا ہو۔ ظالم کے شر سے محفوظ رہے، دشمن دوستی کی طرف مائل ہو اور کوئی نقصان نہ پہنچائے۔ اگر یہ نقش مبارک اپنے اسباب میں رکھے تو ضائع نہ ہو۔ غرضیکہ اس نقش کو اپنے پاس رکھنے سے جملہ حاجات پوری ہوں۔ نقش مبارک یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷۲۶ | ۱۷۲۹ | ۱۷۳۲ | ۱۷۱۹ |
| ۱۷۲۱ | ۱۷۳۵ | ۱۷۲۵ | ۱۷۳۵ |
| ۱۷۳۱ | ۱۷۳۷ | ۱۷۲۷ | ۱۷۲۴ |
| ۱۷۲۸ | ۱۷۲۳ | ۱۷۲۲ | ۱۷۳۳ |

## غلبۂ نفس سے بچاؤ

جو کوئی یہ چاہے کہ نفس کے غلبہ سے بچا رہے تو وہ ہر نماز کے بعد

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام عمر نفسانی غلبہ سے بچا رہے گا۔ اس مقصد کے لیے سورۃ مزمل پڑھنے کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے اعوذ اور بسم اللہ پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ تین بار آیتہ الکرسی پڑھے، تین بار استغفار پڑھے اس کے بعد تسمیہ کے ساتھ سورۃ مزمل پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مداومت رکھنے سے غلبہ نفس نہ ہو گا۔

## کسی چیز کے بارے میں معلوم کرنا

اگر کسی کو کوئی ایسی مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی ایسی مہم پیش آگئی ہو کہ جس کے انجام کے بارے میں بظاہر کچھ معلوم نہ ہوتا ہو تو پنجشنبہ کے دن غسل کر کے نمازِ عشاء کے بعد کسی سے کوئی کلام نہ کرے اور جائے نماز پر بیٹھ کر تیس بار سورہ مزمل پڑھے اور قبلہ رخ چہرہ کر کے سو جائے۔ خواب میں انشاء اللہ تعالیٰ حقیقت کے بارے میں معلوم ہو جائے گا۔

## زبان بندی کے لیے

حاسد اور بدخواہ کی زبان بندی کی غرض سے ہر روز نمازِ فجر کے بعد ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ لینے سے سارا دن دشمن کی بدزبانی سے بچا رہے گا۔ اس کی ہر روز مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔

Oureshi

## آسیب دفع ہو

اگر کسی گھر میں آسیب کا سایہ ہو تو باوضو حالت میں اکیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کرے اور گھر کے چاروں کونوں میں یہ دم کیا ہوا پانی چھڑک دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا۔

## قضائے حاجت کے لیے

ہر طرح کی جائز حاجت کے لیے ہر روز نمازِ فجر کے بعد تین مرتبہ اور نمازِ عشاء کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ جب آیت مبارکہ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو تین مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھنے کے بعد یہ نقش مبارک اپنے سامنے رکھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١١٢ | ١١۵ | ١١٨ | ١٠۵ |
| ١١٧ | ١٠٦ | ١١١ | ١١٦ |
| ١٠٧ | ١٢٠ | ١١٣ | ١١٠ |
| ١١۴ | ١٠٩ | ١٠٨ | ١١٩ |

اور چار سو پچاس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھ کر سورۂ مزمل مکمل کرے اور سجدہ میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



چند دنوں میں ہی حاجت روائی ہو گی۔

## عذابِ قبر سے نجات

جو کوئی ہر روز اکیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھنے کا معمول بنا لے تو انشاءاللہ تعالیٰ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔ اس سورہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ بندے پر خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

## رزق میں اضافہ

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہو جائے، رزق کی تنگی جاتی رہے تو وہ ہر روز نمازِ عشاء کے بعد اکیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ لیا کرے۔ اگر فرصت نہ ہو تو سات بار ہی پڑھ لے۔ اگر اس قدر بھی فرصت نہ ہو تو ایک بار ہی پڑھ لینے پر مداومت کر لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کبھی رزق کی تنگی نہ ہو گی۔

## مثانہ کی تکلیف

مثانے میں کسی بھی قسم کی تکلیف کی صورت میں ایک مرتبہ سورۃ مزمل باوضو حالت میں پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو دن میں کئی مرتبہ پلائے دوسرے دن پھر اسی طرح کرے اگر بارش کے پانی پر دم کرے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ عام تازہ پانی پر بھی دم کرنے سے مرض میں افاقہ ہوتا ہے۔ چند روز تک

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بلاناغہ اس طرح پانی پلانے سے بفضلِ باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوتی ہے۔ اس سے پیشاب کی خرابی اور اس سے متعلقہ امراض میں بھی شفا حاصل ہوتی ہے۔

## چشمِ خلائق میں مقبول ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشمِ خلائق میں مقبول ہو جائے جہاں بھی جائے لوگ اس کی عزت کریں اور خوش اخلاقی سے پیش آئیں تو وہ ہر روز نمازِ فجر کے بعد تین مرتبہ سورۃ مزمل کی یہ آیت مبارکہ پڑھ لیا کرے اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی مداومت کرنے سے جہاں بھی جائے گا ہر کوئی مہربانی سے پیش آئے گا۔

## غربت دُور کرنا

مفلسی و غربت دور کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد سورۃ مزمل کی یہ آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ مفلسی جاتی رہے گی اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی ختم کر کے کشائش عطا فرمائے گا۔

Qureshi

# زبان بندی اور غلبہ کے لیے

ذیل میں دیا ہوا سورۃ مزمل کا عمل بہت سے کاموں کے لیے نہایت فائدہ مند ہے۔ دشمن کی زبان بندی، ہلاکت اور دشمن پر غلبہ حاصل کرنے اور ہر طرح کی حاجت روائی کے لیے یہ بہترین عمل ہے۔ یہ عمل ترک حیوانات کر کے ہر روز بلا ناغہ گیارہ دن تک نمازِ ظہر یا نمازِ عشاء کی فرض اور سنت کے درمیان پڑھے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو حالت میں اکیس بار یَا جَمِیْلُ پڑھے۔ اکتالیس مرتبہ استغفار و اعوذ اور درود پاک پڑھنے کے بعد سُورۃ مزمل پڑھنی شروع کرے اور جب لفظ قَلِیْلًا پر پہنچے تو تین بار تکرار کرے۔ پھر آگے پڑھے، اس کے بعد جب وَ اَقْوَمُ قِیْلًا پر پہنچے تو یہاں بھی تین مرتبہ تکرار کرے۔ اگر دشمن کی ہلاکت کے ارادے سے پڑھ رہا ہے تو ایک بار یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اَهْلِكْ فلاں بن فلاں اگر زبان بندی کی نیت سے پڑھ رہا ہے تو ایک بار یہ کہے اَللّٰهُمَّ عَقِّدْ لِسَانِ فلاں بن فلاں اگر محبت کے ارادہ سے پڑھ رہا ہے تو اَللّٰهُمَّ اَحِبْنِیْ فلاں بن فلاں ایک مرتبہ کہے، اگر دشمن پر غلبہ پانے کے ارادہ سے پڑھے تو ایک مرتبہ اَللّٰهُمَّ اَلْقِهْنِیْ فلاں بن فلاں کہہ کر سُورۃ مزمل آگے سے پڑھنا شروع کرے پھر جب وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ پر پہنچے تو جس مقصد کے لیے پڑھ رہا ہے مذکورہ دعاؤں میں سے اپنی حاجت کے موافق دعا دس مرتبہ کہے۔ اسی طرح جب عَذَابًا اَلِيْمًا پر پہنچے تو

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تین مرتبہ تکرار کرے اور اپنی حاجت کی دعا مانگے پھر جب وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ اللَّیْلَ وَالنَّھَارَ پر پہنچے تو تین مرتبہ تکرار کرنے کے بعد ایک مرتبہ یہ کہے فَلَوْ تُخَیِّبْنِیْ یَا ذَالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ یَا مَنْ یُّقَدِّرُ اللَّیْلَ وَالنَّھَارَ قَادِرٌ لِقَضَاءِ حَاجَتِیْ فَاِنَّکَ قَادِرٌ اَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اس کے بعد پھر اپنی حاجت کی دعا مانگے جب یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ پر پہنچے تو تین مرتبہ تکرار کرے اور پھر اپنی حاجت کی دعا مانگے اسی طرح وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ کو تین مرتبہ کہہ کر اپنی حاجت کی دعا کرے اور سورۂ مزمل مکمل کرے اور پھر اپنے مقصد کی دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ یوم کے اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## بیماری کے لیے

اگر کوئی بیمار ہو تو باوضو حالت میں اکیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ یہ پانی مریض کو دن میں جب پیاس محسوس ہو، پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔

## جن کا سایہ

اگر کسی کو جن کا سایہ ہو اور وہ اس کو تکلیف پہنچاتا ہو کسی بھی طرح خلاصی نہ کرتا ہو تو باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پر

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سُورۃ مزمل لکھے اور دھو کر پلا دے اسی سے غسل بھی کروائے۔ بفضلِ باری تعالیٰ جن کا سایہ دُور ہو جائے گا۔

## حمل قائم رہے

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو تو ایک چھالیہ لے کر اس پہ باوضو حالت میں نو مرتبہ سُورۃ مزمل پڑھ کر دم کرے۔ سات روز تک بلا ناغہ ہر روز دم کرے اور پھر عورت کے گلے میں ڈال دے۔ رات کو عورت اپنے شوہر سے ہم بستر ہو۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عورت کو حمل ٹھہر جائے گا وضع حمل تک چھالیہ عورت اپنے گلے میں ڈالے رکھے۔ حمل کے دوران کوئی تکلیف نہ ہوگی۔

## محبّت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شدید محبت پیدا ہو جائے تو وہ ہر روز نمازِ مغرب کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھ لینے کا معمول بنا لے کہ پہلی رکعت سورہ فاتحہ کے بعد اکیس بار سورۃ مزمل پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد بیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور سلام کے بعد اس کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمتِ اقدس میں تحفتہً ہدیتہً پیش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت شدیدہ پیدا ہو جائے گی۔

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## حاکم کو مہربان کرنا

اگر کوئی یہ چاہے کہ حاکم وقت اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آئے تو وہ سورۂ مزمل کا پہلا رکوع اکیس مرتبہ اور دوسرا رکوع گیارہ مرتبہ اس طرح سے پڑھ کر پانی پر دم کرے کہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے یہ پانی تھوڑا سا پی لے اور باقی اپنے سر اور چہرے پر لگائے۔ اس کے بعد حاکم کے سامنے جائے انشاءاللہ تعالیٰ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا اور اس پر خصوصی توجہ کرے گا۔ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## فوائد عجیبہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کو زندگی کے میدان میں عجیب و غریب فوائد حاصل ہوں قلبی کیفیت میں آسودگی و اطمینان پیدا ہو جائے تو وہ چاند کے مہینہ میں عروج کے دنوں میں ترک حیوانات کر کے چھ دن روزے رکھے اور پھر پانی میں کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر اگر پانی میں کھڑا نہ ہو سکتا ہو اور نہ بیٹھ سکتا ہو یا پانی اس جگہ پر موجود نہ ہو تو پھر ویسے ہی کھڑا ہو کر یا بیٹھ کر ایک دن میں سورۂ مزمل با وضو حالت میں گیارہ سو مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پڑھنے کے دوران کسی سے کوئی گفتگو نہ کرے۔ اگر ایک دن میں پڑھنا ممکن نہ ہو تو چند دنوں میں بھی پڑھ سکتا ہے۔ مگر جب بھی پڑھے اثنائے تلاوت کسی سے ہرگز بات چیت نہ کرے

Qureshi

شرط یہ بھی ہے جتنے دنوں تک مذکورہ تعداد پوری نہ ہو ترک حیوانات کرے اور روزہ بھی رکھے۔ پھر جب گیارہ سو مرتبہ سورۂ مزمل پوری تعداد میں پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ کے حضور عجز و انکساری سے دعا مانگے۔ اس دن کے بعد ہر روز بلا ناغہ حسبِ طاقت تعداد معین کر کے پڑھ لیا کرے۔ بفضل باری تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اس سورہ کے اثرات ظاہر ہوں گے۔

## خزانہ حاصل ہو

اگر کوئی یہ چاہے ہے کہ اسے پردہ غیب سے کوئی خزانہ مل جائے اسکی غربت کے دن دور ہو جائیں اگر کمیٹی ڈالی ہے تو وہ بروقت نکل آئے یا کسی بھی جائز طریقہ سے اسے خزانہ حاصل ہو جائے تو وہ رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں بیس مرتبہ سورۂ مزمل معہ اول و آخر تین تین مرتبہ درودِ پاک کے پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ چالیس یوم کے اندر یا چند چلوں ہیں مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## دشمن کو مغلوب کرنا

دشمن کو مغلوب کرنا اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کی غرض سے ایک سفید کاغذ پر باوضو حالت میں سورۂ مزمل لکھ کر پانی سے دھوئے اور اس سے اپنا چہرہ دھو کر پانی کسی ایسی جگہ پر ڈال دے کہ جو جگہ پاک صاف ہو اس کے بعد دشمن کے سامنے جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سورۂ مزمل کی برکت سے دشمن اس کے سامنے بول نہ سکے گا اور کوئی نقصان بھی نہ پہنچائے گا۔

## پریاں حاضر کرنا

اس مقصد کے لیے سورۂ مزمل کا عامل ہونا ضروری ہے۔ تمام غیر شرعی حرکات وافعال سے اجتناب کرنا لازمی ہے۔ سورۂ مزمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد باوضو حالت میں نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ بہتر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر ماش کے اوپر دم کرے اور چاروں طرف پھینک کر پھیلا دے۔ اسی وقت پریاں حاضر خدمت ہو جائیں گی۔

## فراخی رزق کے لیے

روزی میں اضافے اور خیر و برکت کے لیے ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک نمازِ فجر یا نمازِ عشاء کے بعد چالیس مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر چالیس چالیس بار درودِ پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے فراخی رزق کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔ سورۂ مزمل کی برکت سے تنگی رزق کی شکایت ختم ہو جائے گی۔

## مشکل آسان ہو

اگر کوئی کسی ایسی مشکل میں پھنس گیا ہو جس کا کوئی حل دکھائی نہ دیتا ہو

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تو وہ ہر روز کسی بھی فرصت کے وقت میں چالیس یوم تک اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پڑھنے وقت اپنے دل میں اپنے مقصد کا بھی دھیان رکھے۔ اگر کھڑے ہو کر قبلہ رخ ہو کر پڑھے تو بہت ہی بہتر ہے۔ ورنہ بیٹھ کر بھی پڑھ سکتا ہے بفضل باری تعالیٰ چالیس دنوں کے اندر اندر ہی مشکل حل ہو جائے گی۔ اگر چند دنوں میں ہی مشکل حل ہو جائے تو پھر بھی چالیس یوم پورے کرے۔

## خاص مقصد میں کامیابی

جو کوئی کسی خاص مقصد میں کامیابی کے لیے یا کسی مہم کو کامیابی سے سر کرنے کی غرض سے یا جس بھی کسی نیک مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے ذیل کے طریقہ کے مطابق تین چلے پورے کرے گا تو جس مقصد کے لیے عمل کیا ہے۔ اس میں ضرور اللہ تعالیٰ کامیاب کرے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ ترک حیوانات کر کے سورۃ مزمل کو تین چلوں تک اس طرح سے پڑھے کہ عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد تازہ وضو کرے اور چار رکعت نفل نماز ایک سلام سے ادا کرے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ والیل دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد الم نشرح تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص اور چوتھی میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الناس پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اس قدر گہرے پانی میں کھڑا ہو جائے کہ پانی اس کے ناف تک آ جائے قبلہ رخ کھڑا ہونے کے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



درود پاک پڑھے۔ ایک چلہ تک اسی طرح عمل کرے۔ دوسرے چلہ میں روزانہ اکیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ جبکہ تیسرے چلہ میں گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ جب تینوں چلّے مکمل کر لے تو پھر روزانہ نمازِ عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھنے پر مداومت کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جس بھی جائز مقصد کے لیے عمل کیا ہے پورا ہو جائے گا۔

## اولاد کے لیے

اگر کسی عورت کے ہاں بچہ کی پیدائش نہ ہوتی ہو تو اس کو اولاد کی نعمت سے بہرہ مند کرنے کی غرض سے نیلے رنگ کے کچے سوت کے اکتالیس تار لیں۔ باوضو حالت میں پہلے تین مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں اور گرہ دے دیں اس کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ سورۃ رحمٰن اس طرح سے پڑھنا شروع کریں کہ ہر بار جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر پہنچیں تو دھاگے پر دم کرتے ہوئے گرہ دیتے جائیں۔ اس کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اکتالیس گرہ لگائیں۔ پھر اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ سورہ یٰسین پڑھ کر اکیس گرہ لگائیں۔ اس طرح جب یہ دھاگہ تیار ہو جائے تو حسب توفیق شیرینی منگوا کر اس پر ختم دلائیں اور عورت جب حیض سے فارغ ہو اور غسل کرے تو یہ دھاگہ عورت اپنی کمر سے باندھے بفضلِ باری تعالیٰ عورت کو حمل قرار پا جائے گا اور اللہ تعالیٰ

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



حاملہ کو اولاد کی نعمت سے سرفراز کرے گا۔

## قضائے حاجت کے لیے

ایسی ضروری حاجت جس کے لیے کوئی پریشانی میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ قضائے حاجت کی غرض سے نمازِ فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان سورۃ مزمل گیارہ مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد اپنی حاجت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اسی طرح رات کے وقت نمازِ عشاء کے فرض اور سنت نماز کے درمیان بھی گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چالیس یوم کے اندر اندر حاجت پوری ہو گی۔

## اولادِ نرینہ کے لیے

اولادِ نرینہ کے حصول کے لیے جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے تو اس دن روزہ رکھے۔ اس کا خاوند بھی روزہ رکھے اور افطاری سے قبل سات مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دودھ پر دم کر کے دونوں اس سے روزہ افطار کریں۔ اسی شب عورت اپنے خاوند سے ہم بستر ہو۔ اللہ تعالیٰ سورہ مزمل کی برکت سے اولادِ نرینہ سے نوازے گا۔

⁂ ⁂ ⁂

Qureshi

# مطلوب کو فریفتہ کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ مطلوب اس پر فریفتہ ہو جائے۔ اس کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو جائے یا میاں یہ چاہے کہ بیوی اس کے ساتھ محبت سے پیش آئے یا بیوی اس بات کی خواہش مند ہو کہ اس کا خاوند اس پر فریفتہ ہو جائے اس کے دل میں بیوی کی محبت اور چاہت پیدا ہو جائے تو باوضو حالت میں اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر پھول یا کسی خوشبو پر دم کر کے مطلوب کو سنگھا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ فریفتہ ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ آزمودہ عمل ہے۔

# ہر کام کی آسانی کے لیے

ہر اچھے اور جائز کام کی آسانی اور جلد حاجت روائی کی غرض سے یہ عمل کرے تو بفضل باری تعالیٰ حاجت روائی کے ساتھ ساتھ زکوٰۃ بھی ادا ہو جائے گی۔ عمل شروع کرنے سے پانچ چھ دن قبل ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ اس کے بعد جمعہ یا پیر کے دن نمازِ فجر سے قبل غسل کر کے دو رکعت نفل نماز پڑھے اور اس کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمتِ اقدس میں تحفتہً ہدیتہً پیش کرے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ اس کے بعد ہر روز دس دن تک دس بار پڑھا کرے

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن کے بعد جس بھی مقصد کے لیے عمل کیا ہے ضرور پورا ہوگا۔ مگر چاہیے کہ ہر روز نمازِ فجر کے بعد ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھنے کا معمول بنا لے تاکہ زکوٰۃ کا عمل بھی قائم رہے اور فوائد بھی حاصل ہوں۔

## گمشدہ کو حاضر کرنا

اگر کسی کا کوئی عزیز یا کوئی بھی کہیں کھو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۃ مزمل شریف کی یہ آیت مبارکہ

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا

ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر چاروں اطراف میں دم کرے اور ایک سفید کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھ کر اس کے نیچے یہ عبارت لکھے:

یاالٰہی بحرمۃ مزمل فلاں بن فلاں زود تر حاضر گردو

اس جگہ عبادت میں فلاں بن فلاں کی بجائے گمشدہ کا نام لکھے۔ بفضلِ باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے گمشدہ جہاں پر بھی ہوگا اس کا قدم وہیں پر رک جائے گا اور وہ عامل کی طرف آنے کے لیے بے چین ہو جائے گا اور فوری طور پر حاضر ہو جائے گا۔ مفرور اور گمشدہ کو حاضر کرنے کے لیے یہ عمل نہایت کارگر ہے۔

٭ ٭ ٭

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# کند ذہنی کا علاج

جس کسی کا حافظہ دن بدن کمزور ہوتا جا رہا ہو۔ بھول جانے کی عادت پڑ گئی ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو۔ ایسا طالب علم جسے سبق یاد کرنے میں سخت مشکل پیش آتی ہو وہ ہر نماز کے بعد سورہ مزمل کی یہ آیت مبارکہ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ اس کا ذہن کھل جائے گا۔ بھول جانے کی عادت ختم ہو جائے گی ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

# امتحان میں کامیابی

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لیے جہاں پر نصابی تعلیم پہ بھرپور توجہ دے وہاں پر ہر روز جب تک امتحانی عمل میں سے گزر رہا ہو چاہیے کہ آدھی رات کے وقت باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر پانچ پانچ سو مرتبہ درود پاک پڑھے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ امتحان میں کامیابی ہوگی اور حسب توقع نتیجہ آئے گا آیت مبارکہ یہ ہے:-

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## درختوں کی حفاظت

پھلدار درختوں کی حفاظت اور ان کو کیڑوں وغیرہ سے محفوظ رکھنے کے لیے سورہ مزمل کی یہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں لکھے۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا

اور ہر درخت پر لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درختوں اور پھلوں کو کیڑا نہیں لگے گا اور سورہ مزمل کی برکت سے درخت قدرتی آفات سے بھی محفوظ رہیں گے اور ان پر خوب پھل آئے گا۔

## فتوحات کے لیے

جو کوئی چلہ کی نیت سے ترکِ حیوانات کرے اور چاند کے مہینہ کی یکم تاریخ سے تین تاریخ تک تین روزے رکھے اور افطاری سے قبل صرف اس قدر کھیر پکائے کہ جو اپنے کھانے سے کم نہ ہو اور نہ زیادہ۔ اسی کھیر سے روزے افطار کرے۔ اس کے بعد پانچویں تاریخ سے عمل کا آغاز کرے۔ نمازِ عشاء یا نمازِ تہجد کے بعد وضو یا غسل کرکے احرام کی طرح اپنے جسم پر کپڑا لپیٹے۔ سب سے پہلے گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے۔ مگر ہر بار جب اس آیت مبارکہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ کو گیارہ بار تکرار کرکے پڑھے اور آخر میں تین مرتبہ

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


آمین کہے۔ اس کے بعد یہ پڑھے وَافْتَحْ عَلَيْنَا خَزَائِنَ رَحْمَتِكَ بِحَقِّ يَا اَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ رُزُقْنِيْ بِالُطْفِكَ الْخَفِيِّ اَلْوَ لطافِ پھر سورہ مزمل پڑھنی شروع کرے اور جب لفظ وکیلا پر پہنچے تو کھڑے ہو کر اکیس مرتبہ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلِ وَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ پڑھے تو نو مرتبہ یہ پڑھے یَا رَبُّ اس کے بعد جب مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ پر پہنچے تو اپنے مطلب کی دعا مانگے اور سورہ مزمل مکمل کرے پھر انیس مرتبہ یَا رَحِيْمُ كُلِّ مَرِيْضٍ وَمَكْرُوْبٍ وَعَيَاذَهٗ وَ مَعَاذَهٗ يَا رَحِيْمُ پڑھے، اسی طریقہ سے گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ چالیس یوم کے بعد ہمیشہ اس کا ورد رکھے۔ بفضلِ باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## کشائش رزق کے لیے

رزق میں اضافے اور غربت کو دور کرنے کے لیے یہ عمل نہایت ہی پُراثر ہے۔ اس مقصد کے لیے نمازِ مغرب کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھے سلام کے بعد سجدہ ریز ہو کر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ایک مرتبہ سورۂ مزمل کو اس طرح سے پڑھے کہ جب لفظ وکیلا پر پہنچے تو سات مرتبہ یہ کلمہ پڑھے اِتَّخِذْهُ وَكِيْلًا اس کے بعد جب سورہ مزمل پوری پڑھ لے تو اپنا سر سجدہ سے اٹھا کر قبلہ رُخ ہی دو زانو ہو کر بیٹھے اور گیارہ

Oureshi

مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ شروع میں ہر بار یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین مرتبہ کہے پھر جب گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھ چکے تو دو ہزار مرتبہ یَا مُغْنِیُ یَا مُھَیْمِنُ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ رزق میں خوب اضافہ ہوگا اور دولت کی ریل پیل ہو جائے گی آزمودہ عمل ہے۔

## مؤکل حاضر کرنا

مؤکل ہفت کو ایک کو حاضر کرنے کی غرض سے منگل کے دن نمازِ عشاء کے بعد باوضو حالت میں سورہ مزمل ۴۴ مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ ہر روز بلا ناغہ چالیس دن تک پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ موکل ہفت کو ایک حاضر ہوں گے اور جو کچھ بھی عامل کہے گا اس پر عمل کریں گے اور تابعداری کریں گے۔

## مفرور کا حال معلوم کرنا

اگر کوئی شخص کسی مفرور کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہو کہ وہ کہاں پر اور کس حال میں ہے زندہ ہے یا مُردہ ہے تو وہ جمعہ کے دن نمازِ عشاء کے بعد وضو غسل کر کے دو رکعت نفل نماز پڑھے اور اس کا ثواب تحفۃً ہدیۃً حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ اقدس میں پیش کرے اس کے بعد اکتالیس بار سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر ایک ایک سو مرتبہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com


درود پاک پڑھے اس دوران اور بعد میں کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے اور قبلہ رخ منہ کر کے سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی شب خواب میں مفرور کے حال کے بارے میں دکھا یا جائے گا اور معلوم ہو جائے گا کہ مفرور زندہ ہے یا مردہ اور کس مقام پر ہے۔ اگر اس رات معلوم نہ ہو تو سات شب تک روزانہ یہ عمل کرے۔ بفضلِ باری تعالیٰ سات شب تک ضرور معلوم ہو گا۔

## حمل سلامت رہے

حمل قائم اور سلامت رکھنے کی غرض سے چاند کے مہینہ کے عروج کے دلوں جمعرات، جمعہ یا سوموار کو مرد و عورت دونوں روزہ رکھیں نمازِ عصر کے بعد دونوں غسل کریں اور دونوں میں سے کوئی ایک کسی بھی کھانے والی چیز پر اکیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کرے اس سے دونوں روزہ افطار کریں اسی شب دونوں ہم بستر ہوں۔ سات یوم تک اسی طرح عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ اس سے حمل ضرور قائم ہو گا اور سلامت بھی رہے گا۔ وضع حمل تک حاملہ کو کوئی تکلیف نہ ہو گی اور اللہ تعالیٰ نیک اور صالح اولاد سے نوازے گا۔

## فراخیٔ رزق کے لیے

فراخی رزق کے لیے ایک وقت معین کر کے باوضو حالت میں اس عمل کو

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


شروع کرے یعنی سورۃ مزمل کو درج ذیل طریقہ کے مطابق اول و آخر درود پاک پڑھتے ہوئے تلاوت کرے۔ جب سورہ مزمل پڑھنی شروع کرے تو تین مرتبہ یہ کہے یَا اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ذِمَّتِي بِلُطْفِكَ الْخَيْرُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمْ اس کے بعد سورہ مزمل پڑھنی شروع کرے اور جب فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا پر پہنچے تو تین بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھ کر سورۃ مزمل پوری کرے۔ پھر دوسری مرتبہ سورہ مزمل پڑھتے ہوئے فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا پر پہنچے تو تین مرتبہ یہ کہے شَاهَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا حٰمٓ عٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ پھر سورہ مزمل تمام کرے اور پھر جب تیسری مرتبہ سورہ مزمل پڑھنی شروع کرے تو کلمہ فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا پر پہنچ کر سکوت کرے اور تین مرتبہ كِفَايَتُنَا حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ پڑھے اس کے بعد سورہ مزمل پوری کرے اور اللہ تعالیٰ سے عاجزی کے ساتھ دعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی کشائش رزق ہو گی۔ اللہ تعالےٰ روزی میں اضافہ فرمائے گا اور مفلسی دُور ہو جائے گی۔

## مستجاب الدعوات ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ مستجاب الدعوات ہو جائے جو بھی جائز دعا بارگاہِ الٰہی میں مانگے۔ شرفِ قبولیت حاصل کرے تو وہ سورۃ مزمل کا

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یہ عمل اس طرح سے کرے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں بدھ یا جمعرات کے دن روزہ رکھے اور افطاری کے بعد نماز مغرب ادا کرے۔ اس کے بعد غسل کرے اور سفید اور پاکیزہ لباس پہن کر خوشبو لگائے۔ عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد مسجد یا حجرہ یا کسی ایسی جگہ پر معتکف ہو کر بیٹھے جہاں کسی قسم کی مداخلت نہ ہو، اس عمل کو ایک یا دو یا دس یا چالیس دن میں پورا کرے۔ اس دوران مکمل طور پر ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے سوائے مونگی کی دال اور گندم کی روٹی کے کچھ نہ کھائے۔ اپنے استعمال میں چمڑے کے ڈول کا پانی نہ لائے۔ کسی کیڑے وغیرہ حتیٰ کہ جوں کو بھی نہ مارے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء یا نماز فجر کے بعد سورۃ مزمل کو ہر روز اکتالیس مرتبہ، اکیس مرتبہ یا سات مرتبہ ذیل میں بتائے گئے طریقہ کے مطابق پڑھے اور کبھی ناغہ نہ کرے۔ اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو قضا کرے اور ترک نہ کرے۔ اعتکاف کی نیت کر کے مسجد یا حجرہ میں جب داخل ہو تو پہلے دو رکعت نفل ادا کرے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ سلام کے بعد دو زانو ہو کر قبلہ رخ بیٹھے۔ لوبان جلا کر رکھے اور اکتالیس مرتبہ یہ درود پاک پڑھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَا ذَهَرَتِ النُّجُوْمُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَا تَلَوَّحَتِ الْغُيُوْمُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اس کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے یَا مُنْعِمُ پھر سورہ مزمل پڑھنا شروع کرے اور جب لفظ تَرْتِيْلًا پر پہنچے تو اکتالیس مرتبہ آیت مبارکہ

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ سے قَدْرًا تک پڑھے پھر جب لفظ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا پر پہنچے تو یَا بَاسِطَ الرِّزْقِ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد جب سورہ مزمل پڑھتے ہوئے لفظ سَبِیْلًا پر پہنچے تو یہ آیۃ مبارکہ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ سے خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ تک اکتالیس مرتبہ پڑھے پھر جب سورہ مزمل کی تلاوت کرتے ہوئے قَرْضًا حَسَنًا پر پہنچے تو اکتالیس مرتبہ یہ پڑھے اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ اس کے بعد سورہ مزمل پوری کرے اور اکتالیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ پڑھے۔ اسی طرح تین سو ساٹھ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ اس عمل کو مکمل کرنے کے بعد اسی طرح سے ہمیشہ جب بھی پڑھنا چاہے پڑھا کرے عمل پورا ہوجانے کے بعد دو رکعت نفل نماز ادا کرے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے شکرانہ کے نفل پڑھنے کے بعد ایک یا دو یا تین مساکین کو کھانا کھلائے اور خود بھی ان کے ہمراہ بیٹھ کر کھائے اس عمل سے سورۃ مزمل کا عامل ہوجائے گا جس بھی مقصد کے لیے ایک مرتبہ بتائے گئے طریقہ کے مطابق پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ دعا ضرور قبول ہوگی۔

## نامردی کا علاج

قوتِ باہ کی کمی کو دُور کرنے کے لیے اور نامردی دور کرنے کی غرض سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com


ہر روز نمازِ عشاء کے بعد باوضو حالت میں سورۃ مزمل کی یہ آیت مبارکہ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ چالیس یوم کے اندر اندر انشاء اللہ تعالیٰ نامردی کی شکایت جاتی رہے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنی قدرتِ کاملہ اور سورۃ مزمل کی برکت سے قوتِ باہ میں خوب اضافہ فرمائے گا۔

## دشمن کو پریشان کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا دشمن ہر وقت پریشانی میں مبتلا رہے اور اسے کسی طرح بھی سکون حاصل نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ کسی بھی قسم کے سات پھول لے کر اتوار کے دن نمازِ فجر کی ادائیگی کے بعد قبرستان میں جائے اور باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ۝ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولًا ۝ پڑھنے کے بعد ساتوں پھولوں پر دم کرے اور ایک پھول اپنے پاس رکھے جبکہ تین پھول دشمن کے مکان کی مشرقی سمت اور تین پھول مغربی سمت ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اس قدر پریشان ہو جائے گا کہ اسے کچھ سجھائی نہ دے گا۔ اس کی اس پریشانی کی وجہ سے اس کا گھر ویران و برباد ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ پڑھنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ بھی پڑھ کر دم کرے لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ قَهَّارٌ جَبَّارٌ ذُو السُّلْطَانِ الْمُرْتَضٰى سَتَّارٌ بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



مقصد میں بہت جلد کامیابی ہو گی۔

## وسعتِ رزقِ حلال

حلال رزق میں اضافے کے لیے سورۃ مزمل کا یہ عمل ایک مخفی اور نایاب عمل ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عشاء کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ استغفار پڑھے پھر ایک مرتبہ مزید درود و سلام پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے، پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اسی ترتیب سے اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ آخر میں پچیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے رَبُّ الْمَشْرِقِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا پھر پچیس مرتبہ یہ کہے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اس کے بعد سات مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ کہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اس عمل کی مداومت کرنے سے انشاءاللہ تعالیٰ پھر کوئی عمل کشائشِ رزق کے لیے کرنے کی ضرورت نہیں۔

## دشمن کی ہلاکت

ظالم دشمن کی ہلاکت کی غرض سے اتوار کے دن نماز فجر کے بعد جنگل میں یا کسی ویران جگہ پر جائے۔ ایک درخت کے نیچے چھری کے ساتھ زمین پر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ایک دائرہ کھینچے اور اس کے درمیان بیٹھ کر بہتر مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دشمن کی ہلاکت کا تصور کرے۔ گیارہ روز تک بلا ناغہ اس طرح عمل کرے گیارہ دنوں کے اندر اندر مقصد پورا ہو جائے گا۔

## قرض جلد ادا ہو

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض کی ادائیگی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو اور قرض خواہ بہت زیادہ تقاضا کرتا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ چالیس یوم تک بلا ناغہ ایک وقت معین پر چالیس مرتبہ سورہ مزمل اس نیت سے پڑھے کہ غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں۔ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں ہی اس کے قرض کی ادائیگی کا غیب سے بندوبست ہو جائے گا۔ اگر چالیس یوم سے پہلے مقصد پورا ہو جائے تو پھر بھی چالیس یوم تک برابر عمل کرتا رہے اور ناغہ ہرگز نہ کرے۔ اس مقصد کے لیے سورہ مزمل کی تلاوت کرنا بہت خوب ہے۔

## حل المشکلات عمل

ہر طرح کی مشکل اور حاجت کے لیے نمازِ تہجد یا عشاء کی نماز کے بعد باوضو حالت میں کھڑے ہو کر قبلہ رُخ منہ کرے اور سورہ مزمل اس طرح سے پڑھنا شروع کرے کہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے سورۂ مزمل

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پڑھتے ہوئے جب لفظ مُكَذِّبِيْنَ پر پہنچے تو ایک اذان کہے پھر جب لفظ مَعَكَ پر پہنچے تو ایک اذان کہے اس کے بعد جب سورہ مکمل ہو جائے تو پھر ایک اذان کہے۔ اسی طریقہ سے اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھنے کے بعد اپنی حاجت کی دعا مانگے۔ ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک یہ عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت جلد حاجت روائی ہوگی اور ہر طرح کی مشکل حل ہو جائے گی۔

## ترقی کے لیے

دینی و دنیاوی امور میں ترقی کے لیے سورہ مزمل شریف کا یہ عمل نہایت ہی مجرب و آزمودہ ہے اس مقصد کے لیے نمازِ فجر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر اس طرح سے سورۃ مزمل پڑھنا شروع کرے کہ سب سے پہلے تین مرتبہ یَا اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ پڑھے پھر جب قُمِ اللَّیْلَ سے آغاز کرے اور آیت مبارکہ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ پر پہنچے تو لفظ وَکِیْلًا تک تین مرتبہ تکرار کرتے پڑھے اسی طرح آیت مبارکہ وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ اللَّیْلَ وَالنَّهَارَ کو تین مرتبہ پڑھے پھر جب یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ پر پہنچے تو تین بار پڑھے اور جب سورہ مکمل کرتے ہوئے آیۃ مبارکہ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ ط اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ پر پہنچے تو تین مرتبہ پڑھے اس کے بعد ایک سو دس مرتبہ یَا غَنِیُّ پڑھے اور دو سو مرتبہ یَا مُغْنِیْ پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں اپنی ترقی کی دعا مانگے

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اگر اس عمل پر ہمیشگی اختیار کرے گا تو ہر طرح کی رکاوٹ دُور ہو جائے گی۔ ہر مشکل آسان ہو جائے گی اور تمام دنیاوی معاملات میں آسانی پیدا ہو گی

## قید سے آزادی

اگر کوئی بے گناہ قید میں ڈال دیا گیا ہو تو قیدی خود یا اس کا کوئی قریبی عزیز ہر روز نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں چالیس یوم تک بلاناغہ سورۃ مزمل شریف کی یہ آیت مبارکہ وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ ایک سو پچاس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس آیت مبارکہ کی برکت سے قیدی کو بہت جلد قید سے رہائی دلا دے گا۔

## کشائش رزق کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے کبھی رزق کی کمی نہ آئے۔ اس کا رزق دن بدن بڑھتا رہے اس کی مفلسی و غربت دُور ہو جائے تو وہ ہر روز بلا ناغہ نمازِ فجر کے بعد سورہ مزمل پڑھنے کا معمول بنا لے اور پڑھنے کے لیے کشائش رزق کی دعا مانگے تو بفضلِ باری تعالیٰ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہو گا۔

## کاروبار خوب چلے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو، کاروبار سخت مندے کا شکار ہو تو وہ

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نماز تہجد ادا کرنے کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر عرق گلاب و مشک سے ایک سفید کاغذ پر سورہ مزمل لکھے اور اپنے کاروبار والی جگہ یا دکان کے اوپر اونچی جگہ دیوار پر چسپاں کر دے اور دکان پر بیٹھ کر ہر روز صبح کے وقت ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ گاہکوں کی خوب آمد و رفت ہوگی اور دن بدن کاروبار خوب چمکے گا۔

## مال کی حفاظت

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا مال و اسباب ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے اور چور چوری نہ کر سکیں تو وہ باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر اسباب پر دم کرے اور جس جگہ مال و اسباب رکھا ہے اس کے چاروں اطراف دم کرے اس کے علاوہ سورہ مزمل لکھ کر اسباب میں رکھ دے ہر طرح کے نقصان سے بچاؤ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ سورۂ مزمل کی برکت سے رزقِ حلال سے کمایا ہوا مال و اسباب نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اور مال تلف ہونے کا اندیشہ جاتا رہے گا۔ اس مقصد کے لیے سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرنا بہت ہی خوب ہے۔

## سوکنوں کی لڑائی

اگر کسی گھر میں سوکنیں رہتی ہوں اور ہر وقت آپس میں لڑتی جھگڑتی رہتی ہوں لڑائی کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتی ہوں جس کی وجہ سے

Qureshi

گھر میں کشیدگی رہتی ہو تو ان کی باہمی محبت پیدا کرنے کی غرض سے ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے سورہ مزمل لکھے اور صاف پانی میں گھول کر اس پانی سے مکئی کا آٹا گوندھے اس میں شکر ملائے اور اس کی روٹی کو پکا کر دونوں سوکنوں کو کھلائے۔ بفضلِ باری تعالیٰ دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گی دونوں کے دل ایک دوسری کے ساتھ لڑائی جھگڑے پر مائل نہ ہوں گے اور گھر میں سکون رہے گا۔

## زبان بندی کے لیے

اگر کوئی مرد یا عورت بہت زیادہ بد زبانی کرتے ہوں ان کی وجہ سے بہت زیادہ پریشانی پیدا ہوتی ہو، ان کی زبان بندی کرنے کی غرض سے جمعرات کے دن اشراق کی نماز پڑھے اور اکتالیس مرتبہ سُورہ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ سات جمعرات تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔ پہلے دن ہی اس کا اثر ظاہر ہو گا مگر پھر بھی سات جمعرات تک عمل پورا کرے۔ مرد یا عورت بد زبانی پہ قادر نہ ہو سکیں گے اور جب بھی اس کے ساتھ بات کریں گے بداخلاقی نہ کریں گے۔

## جلد شادی کے لیے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی میں کوئی رکاوٹ ہو اور جلد شادی نہ ہوتی ہو

Oureshi

تو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اس مقصد کے لیے دُعا مانگا کرے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد رشتہ طے پا جائے گا اور جلد ہی شادی بھی ہو جائے گی۔ جب تک شادی نہ ہو اس وقت تک ہر روز ہر نماز کے بعد اسی طرح پڑھے مایوس ہرگز نہ ہو جائے۔ بفضلِ باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## فسق و فجور سے بچاؤ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ فسق و فجور سے بچا رہے وہ ہر نماز عصر کے بعد ہر روز قبلہ رُخ کھڑے ہو کر پہلے اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اس کے بعد پھر اکیس بار درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ اس پر خصوصی فضل و کرم فرمائے گا۔ اس کی مداومت کرنے سے اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور وہ فسق و فجور سے بچا رہے گا۔

## چشمِ خلائق میں مقبول ہونا

چشمِ خلائق میں مقبول و معزز ہونے کی غرض سے ہر روز صبح گھر سے نکلنے سے پیشتر با وضو حالت میں تین مرتبہ سورہ مزمل پڑھ لیا کرے اور پڑھتے وقت اپنے مقصد کا تصور ذہن میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جہاں بھی جائے گا

لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں گے اور دن بدن مقبولیت میں اضافہ ہو گا۔

## بدقسمتی دور کرنا

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی قسمت کھل جائے اس کی بدقسمتی دور ہو جائے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس پر خصوصی نوازش فرمائے تو وہ ہر روز نمازِ عشاء کے بعد سورہ مزمل کی یہ آیت مبارکہ وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ایک سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے چالیس یوم کے اندر انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مقدر کھل جائے گا۔

## مصائب سے نجات کے لیے

اگر کوئی کسی ایسی مصیبت میں مبتلا ہو گیا ہو جس سے نجات کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ ایک سفید کاغذ پر قارون لکھے اور ایک کاغذ پر فرعون لکھے اور ایک کاغذ پر ابلیس لکھے اس کے بعد ایک برتن میں تین لیٹر پانی ڈال کر چولھے پر رکھے اور نیچے آگ جلائے۔ تینوں کاغذ برتن میں ڈال دے اس کے ساتھ ہی ایک ہزار مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے :-

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا

اور اس پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام مصائب سے خلاصی ہو جائے گی۔

# ہلاکت دشمن کیلیے

ظالم دشمن کی ہلاکت کے لیے ہر روز نمازِ عشاء کی فرض اور سنت کے درمیان گیارہ مرتبہ اس طرح سے عمل کرے کہ جب سُورۃ مزمل پڑھتے ہوئے آیت مبارکہ ھِیَ اَشَدُّ وَطْاً پر پہنچے تو دس مرتبہ یہ کہے الٰہی فلاں بن فلاں را دفع گرداں پھر جب وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ پر پہنچے تو دس مرتبہ یہ کہے الٰہی زبانِ فلاں بن فلاں را بستہ گرداں و دل اوبسوئے من گرداں۔ پھر جب وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ اللَّیْلَ وَالنَّہَارَ پر پہنچے تو اس طرح سے دس مرتبہ کہے کہ الٰہی فلاں بن فلاں را پراگندہ گرداں و قوم او سرگرداں ساز۔ اس کے بعد جب آیت مبارکہ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ پر پہنچے تو کہے الٰہی فلاں بن فلاں را ہلاک گرداں بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ انشاء اللہ تعالٰی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے۔

# قضائے حاجت کے لیے

ہر طرح کی جائز حاجت روائی کی غرض سے غسل و وضو کر کے دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سُورہ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام کے بعد اس کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمتِ اقدس میں تحفتہً ہدیتہً پیش کرے۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلہ جمیلہ سے اس کا ثواب حضور غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچائے

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سورۂ مزمل معہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کے پڑھے۔ سورۃ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لیے دعا مانگے۔ اسی طرح گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، جب گیارہ مرتبہ پڑھ لے تو گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس طرح یہ ایک ختم ہوا۔ اسی طرح گیارہ ختم کرے۔ قضائے حاجت کے لیے چند افراد مل کر بھی یہ کر سکتے ہیں۔ بفضلِ باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیابی ہو گی۔

## مفلسی دُور ہو

غربت و افلاس کو دُور کرنے اور کاروبار میں خیر و برکت پیدا کرنے کی غرض سے جو کوئی ہر روز نمازِ ظہر کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد نہایت توجّہ و یکسوئی کے ساتھ اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ اس کے بعد پھر اکیس بار درود پاک پڑھے اس کے بعد ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اللّٰھم ما عملت من عمل فی ھٰذہ السنة ما نھیتنی عنه ولم ترضی ونسیته ولم تنسه وعلمت عنی بقدرتك علی عقوبتی ودعوتی الی التوبة بعد جرمی علیك اللّٰھم انی فاستغفرك فیھا یا غفور فاغفرلی

Qureshi

وما عملت من عمل ترضاہ عنی ووعدتنی الثواب

فتقبلہ منی ولا تقطع رجائی یا عظیم الرجاء

اللھم ارزقنی خیر ھذہ السنۃ

اور ساتھ ہی اپنی مفلسی کو دور کرنے کی غرض سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرنے سے روزی میں اضافہ ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ غربت کو آسودگی میں بدل دے گا۔

## امتحان میں کامیابی

جو کوئی کسی امتحان میں کامیابی سے ہم کنار ہونے کا خواہش مند ہو اسے چاہیے کہ وہ امتحان کے مرکز میں جانے سے پہلے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھ کر جائے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس قسم کا بھی امتحان ہوگا اس میں اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے گا۔ سورۃ مزمل کی برکت سے ناکامی نہ ہوگی۔

## عذاب قبر سے نجات

اگر کوئی یہ چاہے کہ مرنے کے بعد وہ عذاب قبر سے محفوظ رہے اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمتِ کاملہ سے بخش دے تو وہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ مزمل اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھنے پر مداومت کرے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ

اس کے علاوہ ظہر کی نماز کی دو رکعت نفل نماز میں یہ درود پاک پڑھنے کا معمول بنائے انشاء اللہ تعالیٰ مرنے کے بعد عذاب قبر سے نجات مل جائے گی اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل و کرم سے نوازے گا اور سورۃ مزمل اور درود پاک کی برکت سے اللہ تعالیٰ بخش دے گا۔

## رنج و غم دور کرنا

اگر کوئی بہت زیادہ غم زدہ ہو کسی دکھ یا تکلیف کے باعث دل کی حالت ٹھیک نہ ہوتی ہو ہر وقت بے چینی اور غم کی کیفیت چھائی رہتی ہو تو چاہیے کہ ہر روز نماز عشاء کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور پھر سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو مرتبہ یہ کہے

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

سات یوم تک بلا ناغہ اسی طرح کرے بفضلِ باری تعالیٰ قلبی سکون عطا ہوگا اللہ تعالیٰ دل سے غم کا بوجھ دور فرما دے گا اور غم کی کیفیت جاتی رہے گی۔

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## حاسد سے بچاؤ

جسے حاسد کے حسد سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو اسے چاہیے کہ وہ نماز فجر کی سنت نماز اور فرض نماز کے درمیان سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ حاسد کے شر سے محفوظ رہے گا۔ حاسد کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

## سفر میں حفاظت

جو کسی کوئی ایسے سفر پہ جا رہا ہو جہاں راستہ بہت پُر خطر ہو اور ڈاکوؤں یا دشمنوں کے حملے کا اندیشہ ہو تو وہ سفر پہ جانے سے قبل باوضو حالت میں پہلے دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ اس کے بعد اکتالیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر اکیس مرتبہ سورہ مزمل نہایت توجہ اور یکسوئی سے پڑھے اس کے بعد پھر اکتالیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں سجدہ ریز ہو کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر کی صعوبتوں سے بچا رہے گا۔ سفر بخیر و عافیت طے ہوگا اور کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا۔ جان و مال کی حفاظت رہے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ سورۂ مزمل کی برکت سے چور ڈاکو حملہ آور ہونے کی جرأت نہ کر سکیں گے۔

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## قربتِ الٰہی حاصل ہو

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں قربت حاصل کرنے اور بارگاہِ الٰہی کا مقبول بندہ بننے کی غرض سے تمام غیر شرعی حرکات و افعال سے اجتناب کرے اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھنے پہ مداومت رکھے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے اس کے علاوہ تہجّد کی نماز کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب اور مشک خالص سے ایک سفید کاغذ پر سورۂ مزمل لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنا ولی بنا دے گا اپنی قربت سے نوازے گا اور نیک کاموں کے کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔

## بخار کے لیے

بخار کی صورت میں باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کے منہ پر چھینٹا دیں۔ باقی پانی مریض کو پلا دے انشاءاللہ تعالیٰ بخار میں بہت جلد افاقہ ہو گا اللہ تعالیٰ بخار سے خلاصی عطا کرے گا اور شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## فراخی رزق کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس پر برکت اور رحمت باری تعالیٰ نازل ہو

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کی روزی فراخ ہو اور وہ اس معاملے میں کسی کا محتاج نہ ہو تو وہ ہر روز کاروبار پر جانے سے پہلے تین مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھ لیا کرے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے، انشاءاللہ تعالےٰ روزی فراخ ہوگی اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے رزق کی تنگی دور فرما دے گا اور وافر روزی مہیا فرمائے گا۔

## جن کا سایہ دُور کرنا

اگر کسی پر جن بھوت کا اثر ہو اور سایہ کسی بھی طرح دور نہ ہوتا ہو تو ذیل میں دی ہوئی سورۂ مزمل کی آیت مبارکہ باوضو حالت میں سات مرتبہ پڑھ کر مریض پہ دم کر دیا جائے اور لکھ کر تعویذ کی شکل میں مریض کے گلے میں ڈال دے تو انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دور ہو جائے گا اور کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائے گا آیت مبارکہ یہ ہے:۔

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا

## دشمن کی زبان بندی

جو کوئی دشمن کی بدزبانی سے تنگ آچکا ہو اور دشمن بدزبانی سے کسی طرح بھی باز نہ آتا ہو تو منگل کے دن نمازِ فجر یا نمازِ عشاء کے بعد باوضو حالت میں سات مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دشمن کی قیام گاہ کی طرف دم کرے

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



مگر دل میں یہ تصور ضرور رکھے کہ دشمن بولنے کی کوشش کرتا ہے لیکن بول نہیں سکتا۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور اسی طرح دم کرے اور دشمن کی زبان بندی کا تصوّر رکھے۔ تیسری مرتبہ پھر دشمن کی زبان بندی کا تصوّر رکھتے ہوئے سات مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے بفضل باری تعالیٰ دشمن اس کے خلاف بولنے پر قادر نہیں ہو سکے گا اور جب بھی اس کے خلاف بدزبانی کرنے کی کوشش کرے گا ایک بھی لفظ منہ سے نہ نکال سکے گا۔

## حاکم کو مہربان کرنا

اگر کسی شخص کو حاکم کی خفگی کا ڈر ہو یا اس سے حاکم سخت ناراض ہو تو وہ حاکم کے سامنے جانے سے قبل تین مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر جائے تو انشاءاللہ تعالیٰ حاکم کی ناراضگی دور ہو جائے گی اور وہ اس پر مہربان ہو جائے گا۔

## سوکھے کا علاج

جو بچہ سوکھ جانے کے عارضہ میں مبتلا ہو تو چاہیے کہ اکیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر روغن زیتون پر دم کرے اور بچے کے جسم پر مالش کرے اس کے علاوہ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچے کو صحت ہو گی۔ روزانہ اسی طرح عمل کرے انشاءاللہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com


تعالیٰ دن بدن مرض میں افاقہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ بہت جلد شفائے کاملہ سے نوازے گا۔

## دلوں کو مسخر کرنا

اگر کوئی یہ چاہے کہ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو جائے لوگوں کے قلوب اس کے لیے مسخر ہو جائیں تو وہ ہر ماہ چاند کی یکم تاریخ کو ایک سو اکیس مرتبہ اس طرح سے سورۃ مزمل پڑھنے پر مداومت کرے کہ اول و آخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضلِ باری تعالیٰ ہر ماہ باقاعدگی سے پڑھنے سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ جہاں بھی جائے گا لوگوں کے دلوں کو اپنے لیے فرشِ راہ پائے گا۔

## پاگل پن دُور کرنا

جس کسی کو پاگل پن کے دورے پڑتے ہوں اور ایسا کبھی کبھار ہوتا ہو جبکہ عام حالات میں وہ شخص ٹھیک رہتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی کے چھینٹے مریض کے چہرے پر مارے اور مریض کو یہ دم کیا ہوا پانی پلائے۔ چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ پاگل پن کے دورے پڑنا بند ہو جائیں گے اور آرام آجائے گا۔

Oureshi

# دشمن کے وار سے بچاؤ

اگر کسی کو دشمن کے حملے کا خطرہ ہو تو وہ باوضو حالت میں سورۂ مزمل لکھ کر تعویذ کی طرح اپنے گلے میں ڈالے اور گھر سے نکلتے وقت ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھ لیا کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ دشمن کا وار اثر نہ کرے گا۔ دشمن کے دل پر اس کی ہیبت بیٹھ جائے گی اور وہ نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

# محبّت میں فریفتہ کرنا

جو کوئی کسی کو اپنی محبت میں فریفتہ کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز جمعہ کے بعد باوضو حالت میں اکہتر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر آب باراں یا کسی شیرینی پر دم کر کے پڑھے۔ اور مطلوب کو کھلائے اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں اسکی محبت اس قدر پیدا ہو جائے گی کہ وہ اس کو دیکھے بغیر نہ رہے گا۔ اس مقصد کے لیے مطلوب کو سات جمعہ تک دم کی ہوئی چیز کھلائے یا پلائے تو مطلوبہ مقصد میں کامیابی کا اثر صاف دکھائی دے گا۔

# گھر میں جنّات

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا گھر جنّات سے محفوظ رہے تو وہ گیارہ مرتبہ

Oureshi

سورۃ مزمل پڑھ کر دم کرے پانی پر۔ اور اپنے گھر کے چاروں اطراف کی دیواروں پر یہ دم کیا ہوا پانی چھڑک دے۔ اس کے علاوہ ایک کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے سورہ مزمل لکھے اور اپنے گھر کی دیوار پر اندر کی طرف چسپاں کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس گھر میں جنات داخل نہ ہو سکیں گے اور گھر ہمیشہ کے لیے جنات کی آمدورفت سے محفوظ ہو جائے گا۔

## مراد پوری ہو

کسی بھی جائز مراد کو پورا کرنے کی غرض سے مغرب کو فرض نماز اور سنتوں کے درمیان سات مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی مراد کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مراد ضرور پوری ہوگی۔ اللہ تعالیٰ سورہ مزمل کی برکت سے حاجت روائی فرمائے گا۔

## حاضرات کے لیے

اس مقصد کے لیے سورہ مزمل کا عامل ہونا ضروری ہے پھر جب کبھی حاضرات کرانا مقصود ہو تو با وضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور گلاب یا موتیا کے پھول پر دم کر کے آسیب زدہ یا کسی نابالغ بچے کو سنگھائے سورہ مزمل پڑھنے کے بعد اکتالیس مرتبہ یہ عزیمت بھی پڑھے اور پھول پر دم کرے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عزمت علیکم واقسمت یا بادشاہ یکتا توش ملک العرب والعجم ابو عمیہ ابو واخوا

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اخولو اخولو حتمًا حتمًا میسرًا میسرًا میسرًا

کنجولۃ کنجولۃ کنجولۃ اجل بادشاہ یکتا نوش بحق

سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق لا الٰہ الا اللہ

محمد رسول اللہ علیہ وسلم حاضر شو حاضر شو حاضر شو

پھول کو سونگھتے ہی جنات کا بادشاہ حاضر ہو جائے گا اور تابعداری کرتے ہوئے پوچھے گا کہ اسے کس مقصد کے لیے بلایا گیا ہے۔ اس سے جو سوال بھی عامل کرے گا وہ اس کا جواب دے گا اور مریض کے متعلق بھی سب کچھ بتائے گا۔

## برائے حاجت

ہر قسم کی دینی و دنیوی حاجت کے لیے چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہنے۔ نمازِ مغرب کی ادائیگی کے بعد آسمان تلے برہنہ سر کھڑا ہو کر اکیس مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر روز بلاناغہ اکیس یوم تک اس عمل کے کرنے سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے حاجت روائی ہو جائے گی۔ اگر اکیس یوم میں مقصد پورا نہ ہو تو پھر چالیس یوم تک یہ عمل کر کے بفضلِ باری تعالیٰ ضرور مقصد میں کامیابی ہو گی۔ اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کی جو بھی جائز حاجت ہو گی اس کو پورا فرمائے گا۔

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# کامیابی و فتح کے لیے

دشمن کے مقابلے میں فتح حاصل کرنے یا کھیل کے میدان میں کامیابی سے ہم کنار ہونے کی غرض سے کسی بھی نیک اور جائز مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے نمازِ فجر کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا مانگے:۔

یا قاضی الحاجات یا کافی المھمات یا رافع الدرجات
یا دافع البلیات یا فتح الابواب یا شافی الامراض
یا حل المشکلات یا مسبب الاسباب یا مجیب الدعوات
یا ارحم الراحمین آمین

دعا مانگتے ہوئے اپنے مقصد کا تصور ذہن میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب بھی مقصد کے لیے یہ عمل کیا ہے اس میں کامیابی ہو گی۔

# قید سے رہائی

جو کوئی بے گناہ قید میں ڈال دیا گیا ہو اس کو چاہیے کہ وہ ہر روز کسی بھی نماز کے بعد دس مرتبہ سورۃ مزمل اول و آخر دس دس مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور اپنے ہاتھوں کو چہرے پر پھیر لے چند یوم تک بلا ناغہ اس عمل کے کرنے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قید سے باعزت رہائی کی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com
Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



صورت پیدا ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے قیدی رہائی پائے گا۔ قید کی تکلیف سے چھوٹ جائے گا۔

# بچے کا رونا

اگر کوئی بچہ بلا وجہ روتا رہتا ہو بہت زیادہ ضدی ہو تو چاہیے کہ سورہ مزمل باوضو حالت میں پڑھ کر بچے پر دم کرے اس کے علاوہ یہ آیت مبارکہ

وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ط وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ط إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

ایک سفید کاغذ پر لکھے اور پانی میں گھول کر بچے کو پلائے۔ سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچے کا ضدی پن ختم ہو جائے گا اور وہ بلا وجہ رونا چھوڑ دے گا رات کو سکون کی نیند سو لے گا والدین کو تنگ نہ کریگا

# حُب کے لیے

کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کے لیے سات عدد میٹھی چیزیں مثلاً چینی، شہد، کھجور، کشمش، بادام، ناریل اور دودھ تمام چیزیں ہموزن لے کر ان پہ باری باری سات مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کرے اس کے بعد تمام چیزوں کو یکجا کر کے پکائے اور یہ پکوان مطلوب کو کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں عمل کرنے والے کی خوب محبت پیدا ہو جائے گی

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


اور اس پر فریفتہ ہو جائے گا۔ مگر چاہیے کہ یہ عمل جائز مقصد کے لیے کیا جائے اگر میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے یا دو بھائیوں کے مابین محبت و الفت پیدا کرنے کے لیے یہ عمل کیا جائے تو بہت ہی خوب ہے۔

## نیکی کی طرف راغب ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل میں نیکی کی رغبت پیدا ہو جائے ہر طرح کے بُرے افعال سے نفرت پیدا ہو جائے تو وہ ہر روز بلا ناغہ نمازِ مغرب کے بعد نفل نماز اوابین پڑھے اور پھر پانچ مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ بفضلِ باری تعالیٰ جو کچھ چاہتا ہے اسی طرح ہو گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ اس کے دل میں برائیوں سے نفرت اور نیکی کی رغبت پیدا کرے گا۔

## دشمن پریشان ہو

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کا دشمن پریشان ہو جائے اور اس کی طرف سے غافل ہو جائے تو وہ ہر روز ایک وقت معین کر کے دشمن کی پریشانی کا تصور رکھتے ہوئے اکہتر مرتبہ سورہ مزمل پڑھے۔ اکیس یوم تک بلا ناغہ اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پریشان و گرداں ہو گا۔ دشمن کو اتنی فرصت ہی نہ ہو گی کہ وہ عامل کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی کوشش کرے

www.iqbalkalmati.blogspot.com


وہ اپنی ہی پریشانیوں میں الجھ کر رہ جائے گا۔ اس طرح دشمن مغلوب ہو جائے گا عامل کو چاہیے کہ دشمن کی پریشانی سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائے بلکہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر اول و آخر درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ دشمن کے دل سے اس کی دشمنی ختم ہو جائے اور دشمن صلح کی طرف راغب ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عامل کی یہ دعا سورۂ مزمل کی برکت سے بارگاہ الٰہی میں شرف قبولیت حاصل کرے گی اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## غائب کو حاضر کرنا

اگر کسی کا کوئی عزیز یا بیٹا کافی عرصہ سے غیر ملک میں مقیم ہو اور اپنے وطن واپس نہ آتا ہو یا اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے اور وہ کوئی رابطہ بھی نہ کرتا ہو جبکہ گھر والے شدت سے یہ خواہش رکھتے ہوں کہ وہ کسی طرح ان کے پاس آجائے تو اس مقصد کے لیے چاہیے کہ چالیس یوم تک ترک جلالی وجمالی کر کے ہر روز باوضو حالت میں ایک سو پچاس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ چالیس یوم تک بلاناغہ اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ غائب بہت جلد حاضر ہو جائے گا پڑھتے وقت اس مطلوب کا تصور ذہن میں رکھے۔ جس کو اپنے پاس حاضر کرنا مقصود ہے مطلوب کے دل میں اس عمل کی برکت سے اس قدر تڑپ پیدا ہو جائے گی کہ وہ جہاں بھی ہوگا واپس اپنے وطن میں آنے کے لیے بے چین ہوگا اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com


جتنی جلدی بھی ممکن ہوگا ۔مطلوب واپس آجائے گا۔ جائز مقصد کے لیے اس عمل کو کرنے کی اجازت ہے۔ کسی کو پریشان کرنے کی غرض سے ہرگز یہ عمل نہ کرے ۔

## تسخیر محبّت کے لیے

جو کوئی اپنی محبت کے لیے کسی کے دل کو تسخیر کرنا چاہتا ہو اسے چاہیے کہ وہ جمعہ کے دن ایک وقت مقرر کر کے اپنا اور اپنی والدہ کا نام مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر اس کے اعداد نکال کر جمع کرے اور جس قدر کل اعداد ہوں ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ کے درمیان تک اتنی ہی تعداد میں سورۂ مزمل پڑھ کر ہر روز اللہ تعالیٰ سے اس طرح دعا مانگے کہ یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قلب فلاں بن فلاں تین مرتبہ یہ دعا مانگے اور فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام لے ۔ ہر روز جس قدر سورۂ مزمل پڑھ سکتا ہے پڑھ کر دعا مانگا کرے اور سات یوم کے اندر اندر اعداد کی تعداد کے مطابق پڑھ کر تعداد پوری کرے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں اس کی محبّت شدیدہ پیدا ہو جائے گی ۔

## وسعتِ رزق کے لیے

اگر کسی کو رزق کی تنگی کی شکایت ہو معاشی حالات ٹھیک نہ ہوں اور چاہتا ہو کہ کسی طرح اس کے رزق میں وسعت پیدا ہو جائے تو وہ ہر روز

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نمازِ تہجد کے وقت اٹھ کر غسل کرے پاکیزہ لباس پہن کر نمازِ تہجد ادا کرے۔ اس کے بعد چودہ مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر چودہ چودہ مرتبہ درودِ پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے وسعتِ رزق کی دعا مانگے۔ چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اگر کسی وجہ سے کسی دن ناغہ ہو جائے تو پھر اگلے روز نئے سرے سے عمل کا آغاز کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم تک اس عمل کے کرنے سے رزق میں خوب خیر و برکت پیدا ہو گی اللہ تعالیٰ رزق حلال میں وسعت فرمائے گا اور پردۂ غیب سے رزق میں فراوانی ہو گی۔ جو بھی کاروبار کرے گا اس میں اضافہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی دُور فرما دے گا۔

## کفایت مہمات کیلیے

کسی بھی مشکل مہم میں کامیابی کی غرض سے چاہیے کہ سُورۃ مزّمل کو زبانی حفظ کرے اور ہر روز ہر نماز کے بعد سجدہ میں جا کر تین مرتبہ پڑھے، اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے سجدہ کی حالت میں ہی اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا مانگے جس بھی مہم میں کامیابی کے لیے عمل کیا ہے اس میں جب تک کامیابی نہ ہو بلاناغہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سُورۃ مزمل کی برکت سے ضرور کامیابی ہو گی۔

☆ ☆ ☆

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# ادائیگی قرض

قرض کی جلد ادائیگی کے اسباب پیدا کرنے کی غرض سے جو کوئی چالیس یوم تک ترک حیوانات جلالی وجمالی کر کے روزانہ نمازِ عصر کے بعد سات مرتبہ سورۃ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول وآخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اس عمل کی برکت سے قرض خواہ تنگ نہ کریں گے اور اللہ تعالیٰ قرض کی جلد ادائیگی کے اسباب بھی پیدا فرما دے گا اور قرض جلد ادا ہو جائے گا۔

# صحت یابی کے لیے

اگر کوئی کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جس میں افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ ایک سفید کاغذ پر باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے سُورۃ مزمل لکھے۔ پھر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر اس پر دم کرے اور تعویذ کی طرح مریض کے بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض میں افاقہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔ مرض دُور ہو جائے گا۔

# دولت ومرتبہ کے لیے

جائز طریقہ سے دولت ومرتبہ حاصل کرنے کے لیے چاہیے کہ ہر جمعہ کے

Oureshi

دن یا سوموار کے دن دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ مزمل پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اس عمل کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ دولت و مرتبہ نصیب ہوگا۔

## عہدہ پر بحالی کے لیے

اگر کسی کو اس کے عہدہ سے معزول کر دیا گیا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ وہ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے۔ نمازِ فجر کے بعد سات بار سورۂ مزمل پڑھے پھر نمازِ عشاء کے بعد سات مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کی دعا مانگے۔ اس کے بعد ہر روز بلاناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد عہدہ پر بحالی ممکن ہو جائے گی۔

## چشمِ خلائق میں معزز ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشمِ خلائق میں معزز ہو جائے۔ ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و اخلاق سے پیش آئے اور تابعداری کرے تو اسے چاہیے کہ وہ نمازِ عصر کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنے کا معمول بنا لے۔ چالیس یوم کے بعد اس عمل کی برکت سے یہ اثر ہوگا کہ جس پر بھی اس کی نظر پڑے گی

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



وہ مطیع ہو جائے گا۔ لوگوں کی نظروں میں معزز ہو گا اور شہرت حاصل ہو گی۔

## میاں بیوی میں محبت

اگر میاں بیوی کے مابین گھر میں ہمہ وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور دونوں میں سے کوئی بھی جھگڑے سے باز نہ آتا ہو تو چاہیے کہ صبح صادق کے وقت باوضو حالت میں صندل کی لکڑی اصلی کے ٹکڑے پر سات مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے اور ساتھ ہی یہ بھی کہے کہ الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔ اس دم کی ہوئی لکڑی کو کسی ایسی دیوار پر اونچی جگہ ٹھونک کر لگائے کہ اس پر سورج کی حرارت خوب اچھی طرح پہنچے انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں خوب محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ آپس میں جھگڑا نہیں کریں گے۔

## زبان بندی کے لیے

ایسا دشمن جو بہت زیادہ بدزبانی کرتا رہتا ہو کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو اس کی زبان بندی کے لیے چاہیے کہ گیارہ تار کا سوت لے کر اس کی ایک ڈوری بنائیں۔ اس دھاگہ پر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کریں اور ہر مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنے پر دھاگہ میں ایک گرہ لگائیں اور گرہ لگاتے وقت دشمن کی زبان بندی کا تصور اپنے دل میں کریں۔ جب اس دھاگہ پر گیارہ گرہیں مکمل ہو جائیں تو یہ دھاگہ دشمن کے گھر کی چوکھٹ کے اوپر کسی محفوظ جگہ پر

دبا دیں۔ بفضلِ باری تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔ وہ کسی قسم کی بدگوئی نہ کرے گا۔

## دو افراد میں جدائی ڈالنا

ایسے دو اشخاص جو کسی کی مخالفت پر اکٹھے ہوں یا کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے متحد ہو گئے ہوں۔ ان کے درمیان جدائی ڈالنے کی غرض سے چاہیے کہ گندم کے آٹے کی سات گولیاں بنا کر ہر گولی پر سات مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے۔ ہر مرتبہ دم کرتے ہوئے دونوں کے نام معہ ان کی والدہ کے نام لیوے۔ اس کے بعد یہ تمام گولیاں زوال کے وقت دریا، نہر یا کسی بھی بہتے ہوئے پاک صاف پانی میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں کے مابین ضرور جدائی ہو جائے گی اور دونوں کسی کو نقصان پہنچانے پر متفق نہ ہو سکیں گے ان کی آپس میں پھوٹ پڑ جائے گی۔

## فتوحاتِ غیبی کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ غیب سے اس کی ضروریات کا سامان پیدا ہو جایا کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ پہلے سورہ مزمل کی زکوٰۃ ادا کرے اور پھر چالیس یوم تک بلاناغہ نمازِ عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ چالیس یوم کے بعد ہر روز سات مرتبہ پڑھنے پہ مداومت کرے اور دن رات میں کسی بھی وقت

Qureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پڑھ لے۔ بفضلِ باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بہت ہی مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ رزق کی تنگی دُور ہوجائے گی۔ معاشی حالت سدھر جائے گی۔

## مقدمہ میں کامیابی

اگر کسی کو جھوٹے مقدمہ میں پھنسا دیا گیا ہو اور اس سے نکلنے کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو چاہیے کہ نمازِ تہجد کے وقت نماز کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں کھلے آسمان تلے بیٹھے اور قبلہ رُخ ہوکر اس نیت سے اکیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے کہ اللہ تعالیٰ اس سُورہ کی برکت سے دشمنوں کو شکست فاش دے۔ جھوٹے مقدمہ سے اس کی خلاصی ہو اور وہ باعزت طور پر مقدمہ سے خارج ہوجائے۔ چالیس یوم تک ہر روز اسی طرح کرے اللہ تعالیٰ خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اور سورۂ مزمل کی برکت سے اس کی مقدمہ سے جان چھوٹ جائے گی۔ عدالت میں اس کے حق میں فیصلہ ہوجائے گا اور اسے مطلوبہ مقصد میں جلد ہی کامیابی ہوگی۔


## حمل قائم رہے

اگر کسی حاملہ عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور حمل کے دوران بہت زیادہ تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو چاہیے کہ عورت کو جب حمل قرار پاجائے تو باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران یا مشک خالص سے یہ دونوں تعویذ اس اس طرح سے لکھے۔

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com






۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۲۸۶ | ۱ |
| ۲۸۵ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۲۸۸ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۲۸۷ |

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اسی عدد کالی مرچیں لے کر دونوں پر اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کرے اور چالیس یوم تک بلا ناغہ صبح و شام ایک ایک نقش اور ایک ایک کالی مرچ حاملہ کو کھلائے جب بچے کی ولادت ہو جائے تو پھر دونوں نقوش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر طرح کے آسیب اور سحر سے محفوظ رہے گا۔ دوران حمل حاملہ کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی اور تسہیل ولادت ہو گی۔

٭ ٭ ٭

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# بھاگا ہوا واپس آئے

اگر کوئی شخص کسی کی کوئی چیز لے کر بھاگ گیا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کس جگہ پر ہے تو چاہیے کہ باوضو حالت میں چالیس دانے کالی مرچیں لے کر ہر ایک مرچ پر ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کرے اور اس بات کا ذہن میں تصور رکھے کہ بھاگا ہوا فلاں بن فلاں شخص واپس آئے۔ دم کرنے کے بعد تمام کالی مرچیں دہکتے ہوئے کوئلوں کی آگ میں ڈال دو۔ اس عمل کے باعث انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا شخص جہاں بھی گیا ہوگا اس کے دل میں اس قدر تڑپ پیدا ہوگی کہ وہ واپس آنے پر مجبور ہو جائے گا اور فوری طور پر واپس آجائے گا۔

# دشمن کی بربادی

ایسا دشمن جو کسی طرح راہ راست پر نہ آتا ہو اور ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہو تو چاہیے کہ چاند کے مہینہ کے آخری ہفتہ کے دن قبرستان میں جا کر کسی بہت ہی پرانی قبر کی مٹی اٹھا لئے اور ہاتھ میں پکڑ کر اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کرے۔ اس خاک کو کسی کپڑے میں لپیٹ کر دشمن کے گھر میں پھینک دے دشمن برباد ہو جائے گا اور کسی طرح کا نقصان پہنچانے کی جرأت نہ کرے گا۔

⁂ ⁂ ⁂ ⁂

# ہمسائے کے شر سے محفوظ رہے

اگر کوئی اپنے ہمسایے کے ہاتھوں سے سخت پریشان ہو۔ ہمسایہ بہت زیادہ تنگ کرتا ہو اور بد زبانی بھی کرتا ہو تو چاہیے کہ نماز عصر کی چار رکعت نماز سنت غیر مؤکدہ ادا کرنے کے بعد تین مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ گیارہ یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ بفضل باری تعالیٰ ہمسایہ بدزبانی پہ قادر نہ ہو سکے گا اور کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچائے گا اور نہ ہی جھگڑا کرے گا، پریشانی ختم ہو جائے گی۔

# مہم میں کامیابی

کسی بھی مہم پر جانے سے قبل باوضو حالت میں مکئی کا آٹا گوندھ کر اس میں شکر ملائے۔ اس کی تین عدد روٹیاں بنائے اور روٹیاں پکانے کے بعد ہر ایک پر گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کرے۔ ایک روٹی روزانہ سونے سے پیشتر کھائے اور دوسری روٹی اس مقام پر پہنچ کر کھائے جہاں پر کہ مہم پیش آئی ہے جبکہ تیسری روٹی بھی تھوڑے سے وقفہ کے بعد اس وقت کھائے کہ پہلے باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے کامیابی کی دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

مہم میں کامیابی نصیب ہو گی اور بخیر و عافیت حسبِ منشا کام ہو گا۔

## پیٹ کی خرابی

اگر کسی کا پیٹ خراب ہو گیا ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پہ سورۃ مزمل لکھے اس کے بعد ایک کپ تازہ پانی میں ایک چمچ خالص شہد ملائے اور اس سے پلیٹ دھو کر پی لے۔ دن میں تین مرتبہ اس طرح کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی دن مرض میں افاقہ ہو گا۔ تین دن تک بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ بفضل باری تعالیٰ پیٹ کی ہر طرح کی اندرونی خرابی دور ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## حاکم کو مہربان کرنا

جو کوئی حاکم کے سامنے جانے سے ڈرتا ہو اور خوفزدہ ہوتا ہو کہ کہیں حاکم اس پر ناراض نہ ہو جائے تو وہ حاکم کے سامنے جانے سے پہلے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورہ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ یہ دعا مانگے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ
شَرِّ فُلَانِ بِنْ فُلَانٍ۔

اس کے بعد حاکم کے سامنے جائے تو بفضلِ باری تعالیٰ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا اور جو بھی حاکم کے ساتھ کام ہوگا وہ بھی انشاءاللہ تعالےٰ ہو جائے گا۔

# مشکل کے لیے

اگر کوئی ایسی مشکل جو کئی ماہ سے حل نہ ہوتی ہو ہر تدبیر آزمانے کے بعد تنگ آگیا ہو مگر مشکل آسان نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ چاند کے مہینہ کے پہلے جمعہ کی شب نمازِ عشاء کے بعد سات شب جمعہ تک گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ اقدس میں دعا مانگتے ہوئے سورہ مزمل پڑھنے کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمتِ اقدس میں تحفتہً ہدیتہً پیش کرے اس کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے پھر سلام پھیر کر اپنے مقصد کے حصول کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ہر جمعہ کی شب نمازِ عشاء کے بعد عمل کرے۔ سات شب جمعۃ المبارک تک بلا ناغہ یہ عمل کرنے سے انشاءاللہ تعالیٰ جو بھی مشکل ہوگی آسان ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ سورۂ مزمل کی برکت سے ہر جائز مشکل کو حل فرمادے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



# لڑکی کی شادی کے لیے

جس لڑکی کی جلد شادی نہ ہوتی ہو کسی بھی اچھی جگہ پر رشتہ طے نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ وہ لڑکی ہر جمعہ کو نمازِ عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کی دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند ہفتوں میں ہی اس کی دلی مراد پوری ہو جائے گی اور بہت جلد نیک اور صالح لڑکے کے ساتھ اس کی شادی ہو جائے گی۔

# گردن میں درد

اگر کسی کی گردن میں شدید درد لاحق ہو گیا ہو تو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب و مشک سے سورۃ مزمل لکھ کر گردن پر باندھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صحت ہو گی۔ گردن کا درد رفع ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

# وباء سے بچاؤ

علاقہ میں وبائی مرض پھیل جانے کی صورت میں چاہیے کہ ایک کاغذ پر سورۃ مزمل لکھ کر اپنے گھر کے دروازے پر چسپاں کر دے اس کے علاوہ ہر روز سورۃ مزمل سفید کاغذ پر لکھ کر تازہ پانی میں گھول کر گھر کے تمام افراد کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ گھر وبائی مرض سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

# والدین کو راضی کرنا

اگر کسی کے والدین اس سے سخت ناراض ہوں اور کسی بھی طرح راضی نہ ہوتے ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نمازِ تہجد اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اس مقصد کے لیے دعا مانگے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے اثرات چند دنوں میں ہی ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اس عمل کے دوران اپنے والدین سے رابطہ بھی رکھے اور ان کی خدمت میں حاضری بھی بلاناغہ دے بفضلِ باری تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر والدین کی خفگی دور ہو جائے گی اور ان کے دل میں اولاد کی محبت اس قدر موجزن ہو جائے گی کہ وہ اپنی خفگی کو دور کر کے مہربانی اور شفقت سے پیش آئیں گے اور اس سے راضی ہو جائیں گے۔

# نافرمان اولاد کے لیے

جس کسی کی اولاد سخت نافرمان ہو والدین کو تنگ کرتی ہو اور کوئی وعظ و نصیحت ان پر اثر نہ کرتا ہو تو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد نو مرتبہ سورۂ مزمل اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اس کے علاوہ ہر روز سورۃ مزمل پانی میں گھول کر نافرمان بچے یا بچی کو دن میں ایک مرتبہ ضرور پلائے اور پلاتے ہوئے اس بات کا تصور کرے کہ اولاد کے دل میں ماں باپ کی محبت پیدا ہو جائے اور وہ والدین کی نافرمانی کرنا چھوڑ دیں اطاعت اور تابعداری کریں۔ چالیس یوم تک بلا ناغہ اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوتی ہے۔ نافرمان اولاد نیکی کی طرف راغب ہو گی اور اپنے والدین کی فرمانبردار ہو جائے گی۔

## چوری کا مال

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور اس کی بازیابی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو جہاں پر دیگر کوشش سے کام لے وہاں پر یہ بھی کرے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے اور افطاری سے قبل با وضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ مزمل اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ عجز و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی چوری شدہ مال بازیاب ہو جائے گا اور چور کے بارے میں بھی معلوم ہو جائے گا۔

## قرآن مجید جلد حفظ ہو

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اسے قرآنِ پاک جلد حفظ ہو جائے تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ سورۃ مزمل کی یہ آیت مبارکہ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com


پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی توقع سے بھی جلدی اسے قرآن پاک حفظ ہو جائے گا۔ اس کی مداومت کرنے سے حافظہ خوب تیز ہو جاتا ہے۔

## دو دشمنوں میں صلح کرانا

جو کوئی یہ چاہے کہ دو دشمنوں کے مابین صلح ہو جائے۔ ان کی آپس میں نفرت محبت میں تبدیل ہو جائے تو اس مقصد کے لیے چاہیے کہ چالیس یوم کے اندر اندر گیارہ سو چالیس مرتبہ باوضو حالت میں سورہ مزمل پڑھے اور پڑھتے وقت دونوں کے درمیان محبّت کرانے کی نیت کرے۔ ہر روز ایک وقت مقرر کرکے اپنی مرضی کے مطابق تعداد میں پڑھ کر چالیس یوم میں گیارہ سو چالیس مرتبہ تعداد پوری کرے۔ ہر روز پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اس مقصد کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد دونوں دشمنوں کی دشمنی سرد پڑ جائے گی اور دونوں آپس میں صلح کرانے پر آمادہ و رضامند ہو جائیں گے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Oureshi

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# آپ کی مشکلات کا حل

۱ اللہ مشکل کشاء
۲ تحفۂ مشکل کشاء
۳ نماز سے مشکلات کا حل
۴ کلمہ طیبہ سے مشکلات کا حل
۵ آئیتہ کریمہ سے مشکلات کا حل
۶ آئیتہ الکرسی سے مشکلات کا حل
۷ چہار قل سے مشکلات کا حل
۸ سورۃ فاتحہ سے مشکلات کا حل
۹ حسبنا اللہ سے مشکلات کا حل

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

Qureshi